آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز سوموار 19 اکتوبر 2020ء بمطابق یکم ربیع الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 284

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15
اہل تشیع فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

پی ڈی ایم کا ایجنڈا اداروں کے ساتھ تصادم کا ایجنڈا ہے، لیاقت شاہوانی

سیاسی اشرافیہ دوبارہ اقتدار حاصل کرنے، کرپشن کے پیسے بچانے اور کیسز سے جان چھڑانے کے لئے عوام کا استعمال کررہی ہے

بلوچستان میں کورونا کے کیسز رپورٹ ہونے کی صورتحال میں کمی آرہی ہے، یومیہ 20 سے 25 کیسز رپورٹ ہورہے ہیں، جلسے کے بعد کیسز بڑھنے کے خدشات موجود ہیں

باشعور عوام سب جان چکی ہے اور وہ حکومت کے ساتھ کھڑی ہے اپوزیشن کو گوجرانوالہ کی طرح کوئٹہ کے جلسے میں بھی مایوسی ہوگی، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کا ایجنڈا اداروں کے ساتھ تصادم کا ایجنڈا ہے، سیاسی اشرافیہ دوبارہ اقتدار حاصل کرنے، کرپشن کے پیسے بچانے اور کیسز سے جان چھڑانے کے لئے عوام کا استعمال کررہی ہے لیکن باشعور عوام سب جان چکی ہے اور وہ حکومت کے ساتھ کھڑی ہے اپوزیشن کو گوجرانوالہ کی طرح کوئٹہ کے جلسے میں بھی مایوسی ہوگی۔ یہ بات انہوں نے اتوار کی شام آفیسرکلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کارساز کے برسی کے موقع پر پیپلز پارٹی عوام کو جمع کرنا چادری ہے یہ بات

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

ملتان، پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اور وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی پریس کانفرنس کررہے ہیں

اپوزیشن اس ملک میں اشتعال کی سیاست کو فروغ دینا چاہتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

اپوزیشن اس ملک میں اشتعال کی سیاست کو فروغ دینا چاہتی ہے ہم شاید بھول رہے ہیں کہ دنیا آج بھی کرونا وائرس کی لپیٹ میں ہے گزشتہ آٹھ مہینوں میں کوئی ایسا ملک نہیں ہے

پی ڈی ایم کا ملکی سالمیت کو محفوظ اور قائم رکھنے والے اداروں کے خلاف تقریر نہ تو نادانی ہے اور نہ ہی محض کوئی اتفاق، قومی اداروں اور سربراہان کا جلسے میں ذکر اس بات کا ثبوت ہے

معیشت کرونا وائرس کے سبب متاثر نہ ہوئی ہو جلسوں سے نہ تو کرونا وائرس کا خاتمہ ہوگا اور نہ ہی معیشت کو ہونے والے نقصان کا ازالہ ہوسکتا ہے وقت ہے' جام کمال خان

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کا ملکی سالمیت کو محفوظ اور قائم رکھنے والے اداروں کے خلاف تقریر نہ تو نادانی ہے اور نہ ہی محض کوئی اتفاق ہم شاید بھول رہے ہیں کہ دنیا آج بھی کرونا وائرس کی لپیٹ میں ہے گزشتہ آٹھ مہینوں میں کوئی ایسا ملک نہیں ہے جس کی معیشت کرونا وائرس کے سبب متاثر نہ ہوئی جلسوں سے نہ تو کرونا وائرس کا خاتمہ ہوگا اور نہ ہی معیشت کو ہونے والے نقصان کا ازالہ ہو سکتا ہے قومی اداروں اور سربراہان کا جلسے میں ذکر اس بات کا ثبوت ہے کہ اپوزیشن اس ملک میں اشتعال کی سیاست کو فروغ دینا چاہتی ہے گزشتہ روز اپوزیشن جماعتوں کی تحریک پی ڈی ایم پر ردعمل دیتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پی ڈی ایم کا ملکی سالمیت کو محفوظ اور قائم رکھنے والے اداروں کے خلاف تقریر نہ تو

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کراچی، پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز مزار قائد پر پھول رکھ رہی ہیں، کیپٹن ریٹائرڈ صفدر بھی موجود ہیں

اپوزیشن جو کھیل کھیل رہی ہے اس سے نظام تو رخصت ہوسکتا ہے، آپ کے ہاتھ کچھ نہیں آئیگا، شاہ محمود قریشی کا انتباہ

سڑکوں پر آکر اور جلسوں سے حکومت کو رخصت کرنا ماضی کی روایت ہے، عوام اپوزیشن کی سازش پوری نہیں ہونے دیں گے

آپ اپنے مقاصد کیلئے قومی اداروں اور جمہوریت کو نقصان نہ پہنچائیں، لوگ کہتے ہیں پی ڈی ایم اتحاد غیر فطری ہے، وزیر خارجہ کی پریس کانفرنس

ملتان (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اور وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے اپوزیشن پر واضح کیا ہے کہ اپوزیشن جو کھیل کھیل رہی ہے اس سے نظام تو رخصت ہوسکتا ہے، آپ کے ہاتھ کچھ نہیں آئیگا، آپ اپنے مقاصد کیلئے قومی اداروں اور کو جمہوریت نقصان نہ پہنچائیں، لوگ کہتے ہیں پی ڈی ایم اتحاد غیر فطری ہے، سڑکوں پر آکر اور جلسوں سے حکومت کو رخصت کرنا ماضی کی روایت ہے، عوام اپوزیشن کی سازش پوری نہیں ہونے دیں گے۔ کچھ قوتوں کو ہی یک

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ پنجاب تعلیم کے فروغ کیلئے احسن اقدامات اٹھا رہے ہیں، ضیاء لانگو

وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے بلوچستان کے طلباء کیلئے دو کروڑ روپے سکالرشپ کی مد میں ریلیز کرکے طلباء کے دل جیت لیے ہیں، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار تعلیم کے فروغ کیلئے احسن اقدامات اٹھا رہے ہیں وزیراعلیٰ پنجاب نے بلوچستان کے طلباء کیلئے دو کروڑ روپے سکالرشپ کی مد میں ریلیز کرکے طلباء کے دل جیت لیے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

نوازشریف کو ہر جگہ سے ناکامی کے بعد جمہوریت یاد آئی ہے، وہ سزا یافتہ مجرم ہیں، اسد عمر

ہمارا رویہ اصولوں اور آئین کی حکمرانی کے لیے ہے، کراچی کے عوام نے امیدوں سے بڑھ کر استقبال کیا، مریم نواز

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کی مرکزی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ ہمارا رویہ اصولوں اور آئین کی حکمرانی کے لیے ہے، کراچی کے عوام نے عزت، محبت اور شفقت دی ساری زندگی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

آذربائیجان اور آرمینیا کے مابین 18 اکتوبر کو اعلان کردہ معاہدہ امن اور استحکام کیلئے مثبت پیشرفت ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے آذربائیجان اور آرمینیا کے مابین ہونے والے معاہدے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آذربائیجان اور آرمینیا کے مابین 18 اکتوبر کو اعلان کردہ معاہدہ امن اور استحکام کے لئے ایک مثبت پیشرفت ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ہم امید کرتے ہیں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ژوب پولیس کی کارروائی 80 گرام چرس برآمد ملزم گرفتار

ژوب (این این آئی) ڈی آئی جی ژوب ریجن سید علی محسن، ایس پی ژوب وشیر ولی قہد خان کھوسہ کی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ بچہ جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ بچہ جاں بحق۔ پولیس کے مطابق بچہ کو کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ہے بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ایک سمندری طوفان بننے کا امکان ہے' محکمہ فشریز کا اعلامیہ

لسبیلہ (ش ن) ضلعی انتظامیہ کے احکامات کی روشنی میں محکمہ فشریز کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

حکومتی وفاقی امپورٹرز کے گندم کے جہاز پورٹ پر لگنا شروع ہوگئے ہیں، علی زیدی

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور علی حیدر زیدی نے کہا ہے کہ گندم آچکی ہے اور حکومتی وفاقی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اتحاد پاکستان اور ملکی سلامتی کے اداروں کے خلاف نواز شریف کا بیانیہ انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور شرمناک ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

کراچی (این این آئی) تنظیم ایم کیو ایم پاکستان بحالی کے سربراہ ڈاکٹر فاروق ستار نے مسلم لیگ ن کے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کے ٹائیگرز کا جذبہ ہماری سیاست کو صحیح سمت میں لے جائے گا، زلفی بخاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی زلفی بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعظم کے ٹائیگرز کا

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمن کی آصف زرداری سے اسپتال میں ملاقات، عیادت اور خیریت دریافت کی

کراچی (این این آئی) اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

مفروروں اور اشتہاریوں کی گرفتاری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، چیئرمین نیب

نیب منی لانڈرنگ، میگا کرپشن اور وائٹ کالر کرائمز کیسز کو شفافیت اور میرٹ پر نمٹانے کیلئے پرعزم ہے' کروڑوں اور اربوں روپے کی کرپشن کرنیوالوں کیخلاف قانون اپنا راستہ خود بنائیگا

معزز احتساب عدالتوں میں 1230 بدعنوانی کے ریفرنسز کی جلد سماعت کیلئے پراسیکیوشن ڈویژن کو درخواستیں دائر کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، چیئرمین نیب

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو کے چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا ہے کہ نیب منی لانڈرنگ، میگا کرپشن اور وائٹ کالر کرائمز کیسز کو شفافیت اور میرٹ پر نمٹانے کیلئے پرعزم ہے۔ مفروروں اور اشتہاریوں کی گرفتاری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ معزز احتساب عدالتوں میں 1230 بدعنوانی کے ریفرنسز کی جلد سماعت کے لئے پراسیکیوشن ڈویژن کو درخواستیں دائر کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ جنہوں نے کروڑوں اور اربوں روپے کی کرپشن کی ہے۔ ان کے خلاف قانون اپنا راستہ خود بنائے گا۔ اتوار کو جاری اعلامیہ کے مطابق چیئرمین نیب

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اپوزیشن عوامی مسائل سے کوئی لینا دینا نہیں ہے نہیں صرف این آر او چاہیے، شہزاد وسیم

وزیراعظم عمران خان کسی بھی صورت نہیں دیں گے، جلسے کرنے والے یہ بتائیں کہ انکے پاس کتنا عوامی مینڈیٹ ہے

کسی کو بھی این آر او نہیں ملے گا ہر ایک کو عدالتوں اور قانون کے سامنے اپنے اثاثوں اور کرپشن کا جواب دینا ہوگا، وزیر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی پارلیمانی لیڈر اور وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ اپوزیشن کو عوامی مسائل سے کوئی لینا دینا نہیں ہے انہیں صرف این آر او چاہیے جو وزیراعظم عمران خان کسی بھی صورت نہیں دیں گے، جلسے کرنے والے یہ بتائیں کہ انکے پاس کتنا عوامی مینڈیٹ ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو یہاں جاری اپنے ایک بیان میں، سردار یار محمد رند نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے واضح کردیا ہے کہ کسی کو بھی این آر او نہیں ملے گا ہر ایک کو عدالتوں اور قانون کے سامنے اپنے اثاثوں اور کرپشن کا جواب دینا ہوگا، انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ میں جلسے کرنے والوں نے مہنگائی، تعلیم، صحت جیسے مسائل اٹھانے کی بجائے اپنے لئے این آر او مانگا انکے جلسے سے قبل سیکورٹی فورسز کے 20 جوان شہید ہوئے لیکن کسی نے انکا ذکر نہیں کیا، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن دشمن کی زبان بول رہی ہے دشمن ملک میں بدامنی پھیلانے کی مذموم سازش کررہا ہے لیکن اب بلوچستان کے عوام تعلیم و ترقی چاہتے ہیں اور وہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے جلسہ نے عمران نیازی کے فیوز بری طرح سے اڑا دیئے ہیں' احسن اقبال

عمران نیازی نے جو تقریر کی ہے وہ کسی فیسٹیز کے کامیڈین کی تیار کردہ لگتی ہے کسی ملک کے وزیراعظم کی نہیں' میڈیا سے گفتگو

نارووال (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے جنرل سیکرٹری احسن اقبال نے کہا کہ پی ڈی ایم کے جلسے نے عمران نیازی کے فیوز بری طرح سے اڑ اوپنے ہیں، اور عمران نیازی نے جو تقریر کی ہے وہ کسی فیسٹیز کے کامیڈین کی تیار کردہ لگتی ہے کسی ملک کے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

عوام کو مسائل کی دلدل سے نکالنے آٹھ کھڑا ہوا ہوگا مولانا عبدالواسع

حکمرانوں کی نااہلی کی وجہ سے وطن عزیز پاکستان ہر موڑ پر پریشان کن صورتحال سے دوچار ہے، حکومت کا بستر گول ہونے والا ہے

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے کارکن بھرپور تیاری کے ساتھ شرکت کرکے ناجائز حکمرانوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت کریں گے، صوبائی امیر ودیگر کا خطاب

موسیٰ خیل (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع موسیٰ خیل کے زیر اہتمام عظیم الشان ترجیحی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع صوبائی سیکرٹری جنرل مولانا آغا محمود شاہ مولانا عبدالرحمن رفیق مولانا محمد سرور موسیٰ خیل مولانا صلاح الدین ایوبی حاجی محمد نواز کاکڑ انجینئر پائیو خان سید عزیز اللہ آغا اور دیگر نے کہا کہ ملک کے بجائے کی خاطر تمام اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والے جلسہ عام کو تاریخ الامثال بنانا اہل بلوچستان کی ذمہ داری ہے ہماری طویل اور انتھک جدوجہد کے نتیجے میں این ایف سی ایوارڈ اور اٹھارویں ترمیم کی منظوری ہوئی مگر کچھ ملکی حکومت اٹھارویں ترمیم جس میں صوبے کے وسائل پر صوبوں کو اختیار ہیں دوبارہ مرکز کو منتقل کرکے صوبے کو بنجر بنانا چاہتے ہیں لیکن پی ڈی ایم میں شامل تمام جماعتیں اٹھارویں ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ میں کسی قسم کی تبدیلی کی اجازت نہیں دے سکتیں آج اس میں تبدیلی کی کوشش کے طور پر صدارتی نظام کی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

چوروں کی یونین بن چکی ہے ناجائز مطالبات کے لئے ایک ہوگئے ہیں، سینیٹر سراج الحق

موجودہ حکومت نے مہنگائی کی عوام کو بھی بہت مایوس کیا ہے قیامت خیز مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کا جینا محال کردیا ہے' نیپیا سے گفتگو

میانوالی (این این آئی) موجودہ حکومت نے میانوالی کی عوام کو بھی بہت مایوس کیا ہے قیامت خیز مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کا جینا محال کردیا ہے چوروں کی یونین بن چکی ہے ناجائز مطالبات کے لئے ایک ہوگئے ہیں جماعت اسلامی ملک میں عدل انصاف میرٹ کا نظام لاکر ایماندار حکومت کے قیام کے لئے بر سرپیکار ہے۔ 22 اکتوبر کو جماعت کا اہل سنت اجلاس ہو رہا ہے قوم کے لئے آنکھ کے لاکھ عمل کا اعلان کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے سابق امیر جماعت اسلامی ضلع میانوالی عبدالوہاب خان نیازی کے والد حاجی غلام محمد

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

افغان صوبہ پکتیکا میں طالبان اور افغان سیکیورٹی فورسز کے مابین شدید لڑائی، 29 طالبان اور 7 سیکیورٹی اہلکار ہلاک

کابل (این این آئی) افغانستان کے شمال مشرقی صوبہ بدخشاں میں طالبان اور افغان سیکیورٹی فورسز کے مابین شدید لڑائی کے دوران 29 طالبان اور 7 سیکیورٹی اہلکار ہلاک ہوگئے جبکہ طالبان نے سخت مزاحمت کے بعد سرکاری فوج کو پسپا کرکے صوبائی صدر مقام فیض آباد شہر پر قبضہ حاصل کرلیا۔ ادھر حکام نے جنوبی صوبہ قندھار

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

نواز شریف پاکستان اور فوج کے خلاف بیانیہ لے کر آئے ہیں، آج کلبھوشن کی شکل میں نواز شریف مل گیا ہے، فیصل واوڈا

73 سال سے چپ ہیں آج کیوں بولنے لگی ہیں، احتساب ہوگا کوئی معافی نہیں ملے گی، خواجہ آصف نے حکومت سے نواز شریف کا جہاز بچنے کی فرمائش کی

آرمی چیف کو سلیکٹ کرنے والے آج ان کو کیوں برا کہہ رہے ہیں، ہماری فوج نے قربانیاں اور شہادتیں دی ہیں، وہ ہمارا فخر ہیں، وفاقی وزیر

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر آبی وسائل فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ نواز شریف ہندوستان کی زبان بول رہے ہیں ہمیں آج کلبھوشن کی شکل میں نواز شریف مل گیا ہے بھارتی میڈیا مودی کو دکھانے کے بجائے نواز شریف کا چہرہ دکھا رہی ہے، اس سے بڑا غداری کا کوئی ثبوت نہیں ہے، آرمی چیف کو سلیکٹ کرنے والے آج ان کو کیوں برا کہہ رہے ہیں، ہماری فوج نے قربانیاں اور شہادتیں دی ہیں، وہ ہمارا فخر ہیں، دو سال سے چپ ہانی آج کیوں بولنے لگی ہیں، احتساب ہوگا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

چار ماہ میں اپوزیشن کے تمام کیسز فائنل ہوجائیں گے، شیخ رشید

جس جس نے چورن کھایا، اس کو پھکی دی جائیگی، راولپنڈی میں 40 کوچز تیار کررہے ہیں اور ایک کوچ پر 90 لاکھ روپے کا خرچ آرہا ہے

نواز شریف نے اپنی سیاست کا جنازہ نکال دیا ہے، اب وہ ویسے ہی ٹارزن بننے کی کوشش کررہے ہیں، وزیر ریلوے

حسن ابدال (این این آئی) وفاقی وزیر شیخ رشید نے کہا ہے کہ چار ماہ میں اپوزیشن کے تمام کیسز فائنل ہو جائیں گے اور جس جس نے چورن کھایا ہے اس کو پھکی دی جائے گی۔ ریلوے اسٹیشن پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے وفاقی وزیر شیخ رشید نے کہا کہ نواز شریف نے اپنی سیاست کا جنازہ نکال دیا ہے، اب وہ ویسے ہی ٹارزن بننے کی کوشش کررہے ہیں، انہیں پاکستان کے خلاف باتیں کرنے کا نقصان ہوگا۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ 3 پارٹیوں کے الگ الگ ایجنڈے سامنے آئے ہیں، بلاول بھٹو قومی حکومت، مولانا فضل الرحمان اختیارات اور مسلم لیگ ن سب سمیٹنا چاہتی ہے تاہم 31 دسمبر سے 20 فروری تک جھاڑو پھر جائیگا، خوشی کی بات ہے عمران خان فرنٹ فٹ پر آگئے ہیں اور انہوں نے ان کو نہ چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان چار

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

حکومت کی نااہلی کی وجہ سے آج عوام مہنگائی، بے روزگاری، غربت کی چکی میں پس رہی ہے، جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ

بڑے بڑے اعلانات یا تصاویر لینے سے مہنگائی قابو نہیں کی جاسکتی، حکومت مہنگائی کے جن کو قابو کرنے کے لئے ہانیا کو قابو میں کرے، رمضان شہاب کا کڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ، صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سے آج عوام مہنگائی، بے روزگاری، غربت کی چکی میں پس رہی ہے، بڑے بڑے اعلانات یا تصاویر لینے سے مہنگائی قابو نہیں کی جاسکتی، حکومت مہنگائی کے جن کو قابو کرنے کے لئے ہانیا کو قابو میں کرے، 25 اکتوبر کو کوئٹہ سیاسی تاریخ میں نیا باب رقم ہونے جارہا ہے۔ یہ بات انہوں نے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کراچی پی ڈی ایم کے جلسے میں جلسہ عام کے موقع پر پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن، بی این پی، مختلف جماعتوں کے ہزاروں کارکنان شریک ہیں

حکومتی اقدامات کی بدولت ملک معیشت بہتر ہو رہی ہیں، نور محمد

حکومت نے اپوزیشن کو پرامن احتجاج کرنے کی اجازت دے چکا ہے اپوزیشن جماعتیں جمہوری طریقے سے احتجاج کریں

کرپٹ ٹولے کو پہلے ہی جلسے میں شکست کے بعد عوام کا لوٹا ہوا پیسہ واپس کرنے کی طرف گامزن ہونا چاہیے، صوبائی وزیر پی ایچ ای

برنابی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ ایک درجن سے زائد اپوزیشن جماعتیں مل کر بھی پورے ملک سے بھی جلسے میں چند ہزار ہی لوگوں کو بہ مشکل اکٹھے کرسکے جن میں بھی اکثر بیروزگار لوگوں کو دیہاڑی دے کر جلسے میں شریک کیا گیا تھا میاں نواز شریف کی جانب سے اپنے خطاب میں پاک فوج کو اپنے تقریر میں نشانہ بنانے اور پی ڈی ایم جلسے کو ہمارے دشمن ملک بھارتی میڈیا چینل کی جانب برائے راست کوریج دینے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اتحاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے اور حکومت نے اپوزیشن کو پرامن احتجاج کرنے کی اجازت دے چکا ہے اپوزیشن جماعتیں جمہوری طریقے سے احتجاج کریں اور ہمارے اداروں کو نشانہ بنانے کی شدید

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ نے ایک ہفتے کے دوران مختلف کارروائیوں میں ایک مل 81 دکانیں سیل

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ نے ایک ہفتے کے دوران مختلف کارروائیوں میں ایک مل 81 دکانیں سیل، 16 افراد کو گرفتار کرکے ایک لاکھ 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) اور تگریب بادینی کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے کوئٹہ شہر میں مختلف کارروائیوں کے دوران 16 افراد کو گرفتار کرلیا جبکہ ای پی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

اپوزیشن اتحاد کی 11 جماعتوں کے پیچھے بھارت ہے، عوام اپوزیشن کی باتوں میں نہیں آئینگے، ڈاکٹر شہباز گل

بلاول بھٹو پتہ نہیں آکسفورڈ میں کیا پڑھتے رہے کہ انہیں پاکستانی تاریخ کا معلوم ہی نہیں ہے، معاون خصوصی

گوجرانوالہ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ اپوزیشن اتحاد میں شامل 11 جماعتوں کے پیچھے ہندوستان ہے، عوام اپوزیشن کی باتوں میں نہیں آئیں گے، بلاول بھٹو پتہ نہیں آکسفورڈ میں کیا پڑھتے رہے کہ انہیں پاکستانی تاریخ کا معلوم ہی نہیں ہے، پیٹرول بم ڈیزل نے ماضی میں غریب دیگیر کو پیٹرول بم پہلے پہلی این او سی دیا تھا، غریب دیگیر آپ نے جو لوٹ مار کی ہے اس کا حساب لیا جائے گا۔ اتوار کو وزیراعظم کے معاون خصوصی شہباز گل نے میڈیا

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پارٹی کے رہنماؤں کی کردار کشی کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، منظور حسان کاکڑ

جو بھی پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوگا اسکے خلاف کارروائی کی جائیگی، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور حسان کاکڑ نے کہا کہ پارٹی کے رہنماؤں کی کردار کشی کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائیگی جو بھی پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوگا اسکے خلاف کارروائی کی جائیگی پارٹی کے رہنماؤں نے پریس کانفرنس پارٹی قیادت کی ہدایت پر کی تھی۔ یہ بات انہوں نے یہاں جاری کردہ اپنے ایک بیان میں کہی، منظور حسان کاکڑ نے کہا کہ گزشتہ روز اقلیتی برادری کی جانب پارٹی کے مرکزی خانس سیکرٹری

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

حیدرآباد، 12 ربیع الاول کی آمد پر انجمن شیدائیاں رسول چوک پر چراغاں کا منظر

ماحولیاتی آلودگی کے خطرے سے بچنے انتظامات بھی بہتر سے بہتر بنائے جارہے ہیں' مصطفیٰ خان کاکڑ

ملک کی ترقی اور عام آدمی کی فلاح و بہبود کیلئے پیپلز پارٹی کا غیر متزلزل کردار ہے، مقدمہ کیلئے مقصود 1320 میگاوٹ بجلی پیدا کرنے کی کوشش کا حامل ہے' صوبائی وزیر

لسبیلہ (ش ن) صوبائی وزیر ماحولیات مصطفیٰ خان کاکڑ نے گزشتہ روز اپنے دورے کے موقع پر پی پی پیک کے تحت چین کے تعاون سے کام کرنے والے کول پاور پروجیکٹ کا معائنہ کیا انہوں نے اس موقع پر ملاقات کی ترقی اور عام آدمی کی فلاح و بہبود کیلئے چینی تعاون کا خیر مقدم کیا انہوں نے کہا کہ مقدمہ کیلئے مقصود 1320 میگاوٹ بجلی پیدا کرنے کی کوشش کا حامل ہے صوبائی وزیر نے منصوبے میں ماحولیات کو مدنظر رکھنے کی غرض کیے گئے انتظامات پر بھی اطمینان کا اظہار کیا اور توقع ظاہر کی کہ اس منصوبے سے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

25 اکتوبر کو قلات کے عوام پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کرکے بھرپور قوت کا مظاہرہ کرے گی

قلات (آن لائن) 25 اکتوبر کو قلات کے عوام پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کرکے بھرپور قوت کا مظاہرہ کرے گی۔ عوام اس نااہل سلیکٹڈ حکومت سے تنگ آگئے ہیں عوام کا غصہ اب حکومت کو بہا کرلے جائے گا مہنگائی بیروزگاری بجلی گیس پانی کی عدم دستیابی پر

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ایران نواز ملیشیاؤں کی تخریبی کارروائیاں عراق کے امن کے لیے خطرہ ہیں، امریکہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت خارجہ نے بغداد میں کردستان ڈیموکریٹک پارٹی کے دفتر پر حملے کی پرزور مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی وزارت خارجہ کی ترجمان مورگن اورٹیگس نے ٹویٹر پر جاری ایک بیان میں کہا کہ ایران کی حمایت یافتہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

انجمن تاجران بلوچستان ٹائیگر فورس کے قیام کی نہ صرف بھرپور مخالفت کرتی ہے، رحیم آغا

مارکیٹوں میں آنے کی صورت میں ان کے خلاف بھرپور مزاحمت کا اعلان انتظامیہ انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین حاجی ظہیر الدین کاکڑ حاجی اسلم ترین حاجی یعقوب شاہ کاکڑ محمد حسین کونسلر سید حیدر آغا اور محمد حسین ہزارہ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں مہنگائی کی روک تھام کے لیے ٹائیگر فورس کے قیام کو مضحکہ خیز بیوقوفانہ اور احمقانہ اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی اور گرانفروشی دو علیحدہ چیزیں ہیں مہنگائی روکنے کیلئے پارلیمانی کمیٹی کا قیام عمل میں لانا اس کے ذریعہ اس کے اسباب جاننا اور

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کراچی، وفاقی وزیر آبی وسائل فیصل واوڈا میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

دہشتگرد اسلام اور پاکستان کے دشمن ان کا صفایا قلم اور شعور سے کریں گے پاک فوج پر حملہ کرنیوالے ملک دشمن ہیں، ثروت اعجاز قادری

کراچی (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ جشن فتح بہاراں درود و سلام کی صداؤں میں عقیدت احترام سے منائیں گے دہشتگرد اسلام اور پاکستان کے دشمن ہیں ان کا صفایا قلم اور شعور سے کریں گے، پاک فوج پر حملہ کرنیوالے ملک دشمن ہیں انہی کی زبان میں نمٹنا ہوگا، آئین و قانون کی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

www.dailyshal.com
روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

19 اکتوبر 2020ء

2019 میں ایک کھرب 66 ارب روپے سے زائد کی ٹیکس چوری کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) سال 19-2018 کے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے اکاؤنٹس کی آڈٹ رپورٹ میں آڈیٹر جنرل پاکستان (اے جی پی) نے ٹیکس وصولیوں میں ایک کھرب 66 ارب ساڑھے 5 کروڑ روپے کے تضاد سے پردہ اٹھایا ہے اور اس تضاد کو رپورٹ میں "چوری" کہا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آڈیٹر جنرل نے ایک ایسا سسٹم تشکیل دینے کی تجویز دی ہے جو سیلز ٹیکس ریٹرنز کے ڈیٹا کے ساتھ ساتھ انکم ٹیکس ریٹرنز میں فراہم کردہ ڈیٹا میں موجود تضادات کی نشاندہی کرے اور ڈیوٹی، ٹیکس کی وصولی کے علاوہ داخلی کنٹرول کو مستحکم کرنے کے لیے قانونی دفعات کی درخواست کرے۔ رپورٹ میں ان پٹ ٹیکس کے ناقابل قبول دعوؤں کو روکنے اور اس کے سافٹ ویئر سسٹم کو دیگر محکموں کے ساتھ منسلک کرنے کیلئے سسٹم میں توثیق کی آن لائن نگرانی متعارف کروانے کی تجویز بھی دی گئی تا کہ غیر واضح سرمایہ کاری کی شناخت کی جاسکے۔ آڈٹ رپورٹ میں قابل ٹیکس سپلائیز اور سروسز کے 199 کیسز میں ایک ارب 66 کروڑ 47 لاکھ روپے ٹیکس کی عدم وصولی کا انکشاف کیا گیا اس کے علاوہ سیلز ٹیکس ریٹرنز اور انکم ٹیکس ریٹرنز میں ظاہر کردہ سیلز ٹیکس میں تضاد کی وجہ سے 77 کیسز میں سیلز ٹیکس کی مد میں 5 ارب 70 کروڑ 60 لاکھ روپے کے کمی سامنے آئی۔ رپورٹ کے مطابق ایف بی آر 188 کیسز میں حکومت کا مقرر کردہ 5 ارب 28 کروڑ 60 لاکھ روپے کا ریونیو وصول کرنے میں ناکام رہا۔ اس کے علاوہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ٹیکس ڈپارٹمنٹ نے قانونی شرائط پوری کیے بغیر 255 کیسز میں ناقابل قبول ان پٹ ٹیکس کی ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دی جس سے 5 ارب 65 کروڑ 50 لاکھ روپے کا نقصان ہوا۔ رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ 536 کیسز میں 8 ارب 96 کروڑ 40 لاکھ روپے کے ٹیکس کریڈٹ کی غلط ایڈجسٹمنٹ کی گئی اور 447 کیسز میں 7 ارب 16 کروڑ 20 لاکھ روپے کا کم از کم ٹیکس عائد نہیں کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 1080 کیسز میں قبضے میں لی گئی اشیا کے عدم تصرف کی وجہ سے 3 ارب 29 کروڑ روپے کی آمدن پھنس گئی اور 6 ہزار 874 کیسز میں 2 ارب 56 کروڑ 3 لاکھ روپے کے ویلیو ایڈیشن ٹیکس کا ادراک نہیں کیا۔ اس کے علاوہ 3 ہزار 54 کیسز میں درآمدی اشیا کی غلط کلاسفکیشن کی وجہ سے 89 کروڑ 63 لاکھ 20 ہزار روپے کے ریونیو کا مکمل ادراک نہیں کیا گیا۔

بلوچستان، تعلیم میں حائل مسائل

بلوچستان میں اساتذہ کو کئی مسائل کا سامنا ہے۔ اساتذہ کی ترقیوں کا معاملہ ہو۔ ان کی تقرریوں کا کام ہو یا پھر محکماتی دشواریاں ہو حات کے تین پات کے مصداق فائل انکی ہی رہتی ہے۔ حکومت بلوچستان اور گلوبل ایجوکیشن GPE نے 2016 میں مشترکہ طور پر بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں 725 سکول کھول کر جس میں 2000 کے لگ بھگ خواتین اساتذہ این ٹی ایس کے سخت ٹیسٹ مرحلہ کے بعد بھرتی کی۔

دونوں پارٹنرز کے معاہدہ کے مطابق جون 2018 کے بعد حکومت بلوچستان نے انکو اپنے تحویل میں لیکر ایجوکیشن محکمہ کے ساتھ ضم کر کے کنفرم کرنا تھا لیکن تاحال بیوروکریسی کی ہیرا پھیری اور عوامی نمائندوں کی عدم دلچسپی کی وجہ تنخواہیں بروقت نہ ملنے سے 2000 میں سے چھ سو سے زاد خواتین اساتذہ نے مجبوراً استعفیٰ دے دیا۔ جو ہمارے لیئے باعث تشویش اور شرم کا مقام ہے۔

اب 1489 خواتین اساتذہ تین ماہ سے تنخواہوں سے محرومی کے باوجود انتہائی کمپری کے عالم میں ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں۔ جن کو ہم سلام پیش کرتے ہیں

کچھ عرصے سے مختلف طبقہ فکر اور سول سوسائٹی کے لوگوں نے اپنے بہنوں کی آواز بن کر سوشل میڈیا میں سیکریٹری ایجوکیشن منسٹر ایجوکیشن اور جام حکومت سے انکی عدم مستقلی کے خلاف آواز اٹھا کر احتجاجاً سوشل میڈیا پر چلایا جسکو آپ دوستوں نے لبیک کہہ کر مدد و شیری کی مگر تاحال حکومتی اور محکمانہ سطح پر اس حوالے سے خاموشی ہے جو ہمارے بہن اساتذہ کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ کیونکہ انہوں نے جون 2018 میں مستقل ہونا تھا مگر ایک سال مزید کنٹریکٹ پر رکھا گیا۔ اب پھر سے مستقلی کی بجائے ایک سال کا اضافی کنٹریکٹ دیا گیا اور تاحال انکی مستقلی کے لیئے کوئی امید نظر نہیں آرہی۔ جو کہ سراسر ناانصافی ہے۔ یاد رہے کہ اس سے بیشتر پہلے فیز کے اساتذہ کو چھ ماہ میں اور دوسرے فیز

کے گلوبل پراجیکٹ کے ہی اساتذہ کو ایک سال میں مستقل کیا گیا۔ جبکہ موجودہ حکومت جو کہ تعلیم دوست حکومت ہے اور تعلیم کی بہتری کے دعوے کرتی آرہی ہے اور تعلیم یافتہ بلوچستان کی خواہاں ہے۔ انکی طرف سے خواتین اساتذہ کو 5 سال گزرنے کے باوجود مستقل نہیں کیا جارہا۔ جن کو دو سال میں مستقل ہونا تھا۔ ہر سال مستقلی کا وعدہ کر کے مزید ایک ایک سال کا کانٹریکٹ دیا جاتا ہے۔ جبکہ اب تین ماہ سے وہ اپنی تنخواہوں سے محروم ہیں۔

بلوچستان، پاکستان کا 43 فیصد رقبے پر مشتمل سب سے بڑا مگر آبادی کے لحاظ سے سب سے چھوٹا صوبہ ہے جس کی آبادی ایک کروڑ اکتیس لاکھ ساٹھ ہزار ہے۔ اس صوبے کی اہم بات یہ ہے کہ یہ قدرتی ساحل وسائل اور خزانوں سے مالا مال ہے۔ مگر یہ بات انتہائی افسوس کی ہے کہ پاکستان بننے سے آج تک اس صوبہ کو ہر شعبہ میں نظر انداز کیا گیا ہے اور اس کے باشندے زندگی کی بنیادی سہولیات جس میں پینے کا صاف پانی، بجلی، گیس، صحت کی بنیادی سہولتیں، روزگار کے مختلف ذرائع وغیرہ سے بھی محروم رکھا گیا ہے۔

خاص طور پر تعلیم کے میدان میں یہ صوبہ سب سے زیادہ بدحالی کا شکار نظر آتا ہے۔ جب ہم تعلیم کے میدان میں بلوچستان کا دوسرے صوبوں سے تقابلی جائزہ لیتے ہیں تو یہ جان کر انتہائی دکھ ہوتا ہے کہ بلوچستان تمام بنیادی انسانی حقوق سے محروم اور سب سے پسماندہ صوبہ ہے۔

الف اعلان کے اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان کی کل آبادی میں سے ستائیس لاکھ بچوں کو سکولوں میں ہونا چاہیے تھا مگر افسوس کہ کل آبادی میں سے صرف نو لاکھ بچے سکولوں جاتے ہیں جبکہ اٹھارہ لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔

صوبے میں کل سکولوں کی تعداد 12347 ہے جس میں سے صرف 6 فیصد ہائی سکول ہیں۔ صوبے میں 76 فیصد بچے سرکاری سکولوں میں داخلہ لیتے ہیں۔ 19 فیصد بچے غیر سرکاری (پرائیویٹ) سکولوں میں جب کہ 5 فیصد دینی مدرسوں کا رخ کرتے ہیں۔ الف اعلان کے مطابق 216 اسکول اس وقت غیر فعال ہیں۔ باقی اسکولوں میں سے 37 فیصد اسکول ایک کمرہ پر مشتمل ہیں اور 14 فیصد اساتذہ بغیر اسکول جائے ہی تنخواہیں وصول کر رہے ہیں۔

اسکول چھوڑنے والے بچوں کی شرح خطرناک حد تک زیادہ ہے جیسا کہ پرائمری کی سطح پر آٹھ لاکھ پینسٹھ ہزار تین سو سینتیس (337,865) بچوں نے داخلہ لیا مگر ان میں سے جو بچے مڈل سکول میں گئے اُن کی تعداد صرف ایک لاکھ اکانوے ہزار تین سو (191300) رہ گئی۔ یہ اعداد و شمار خطرناک صورت حال کی نشان دہی کرتے ہیں۔ شرح خواندگی کے اعتبار سے دیکھا جائے تو الف اعلان کی رپورٹ کے مطابق شرح خواندگی مردوں میں 37 فیصد اور خواتین میں 15 فیصد ہے جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 35 فیصد سے بھی کم ہے۔

درج بالا اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ بلوچستان دیگر صوبوں کی نسبت بہت ہی پسماندگی کا شکار ہے اور یہاں بہت کام کرنے کو پڑے ہیں۔ مگر کون ہے جو نقارہ خلق کی زبان سمجھے؟؟

پی ڈی ایم کا پاور شو

ہم شکر گزار ہیں اپوزیشن اتحاد کے جس نے زندگی میں کچھ ہلچل مچادی ورنہ تو اس "موئے" کو روتا نے زندگی

پروفیسر رفعت مظہر

کی ساری دلچسپیاں چھین لی تھیں اور ہم گھر میں قید "ارتغرل" دیکھ دیکھ کر "پنھ" چکے تھے۔ ہم شکر گزار ہیں مولانا فضل الرحمن کے جن کی محنت رنگ لائی اور "دیر آید درست آید" کے مصداق وہ بالآخر اپوزیشن کو ایک صفحے پر لانے میں کامیاب ہو گئے۔ ہم شکر گزار ہیں وزیر اعظم کے جن کی "نہیں چھوڑوں گا" کی رٹ نے "مرتا، کیا نہ کرتا" کے مصداق اپوزیشن کو اکٹھا ہونے پر مجبور کر دیا۔ ہم شکر گزار ہیں مہنگائی کے جس نے عوام کو دھکے مار مار کے باہر نکالا اور اپوزیشن گجرانوالہ میں "پاور شو" کرنے میں کامیاب ہو گئی۔ ہم شکر گزار ہیں اونچی حویلی کے مکینوں کے جنہوں نے ایسے حکمران مسلط کیے جنہوں نے قوم کے "توت" نکال کے رکھ دیے۔ ہم شکر گزار ہیں کپتان کے جس کے "میٹھے ترین" ورلڈ کپ کی بدولت آج پاکستان میں سیاست، کرکٹ میں ڈھل چکی اور اب سیاست کی بجائے کنگلی، فاسٹ باؤلنگ، چوکے چھکے اور امپائر کی انگلی کی بات ہوتی ہے۔

یہ امپائر بھی عجیب ہے اُس کا جب جی چاہتا ہے اُنگلی کھڑی کر دیتا ہے اور اگر موڈ نہ ہو تو انگلی سرہانے رکھ کے سو جاتا ہے۔ 2014ء کے دھرنے میں کپتان نے امپائر کی انگلی کھڑی ہونے کا بہت شور مچایا، تاریخ پتا رہی "ڈی" اُسے ڈی جے بٹ کے گانوں سے محظوظ کیا، تیل پہلوان کے ٹھمکے دکھائے لیکن امپائر کی انگلی کھڑی نہ ہو سکی۔ کپتان بھی ایسا ضد کا پکا نکلا کہ اُس نے امپائر کا پیچھا نہ چھوڑا اور بالآخر اُس سے "شیروانی" حاصل کرنے میں کامیاب ہو ہی گیا۔ اُدھر اپوزیشن کو بھلا یہ کب منظور تھا، مولانا فضل الرحمن نے تو 2014ء سے ہی "زولا" ڈال دیا تھا۔ اب بعد ازخرابیٔ بسیار ساری اپوزیشن اُن کے ساتھ مل گئی اور شیروانی کے حصول کی تگ و دو جاری۔

قارئین! ہم نے پچھلے ہی کالم میں وعدہ کیا تھا کہ اب سیاسی کالم بند لیکن "ٹٹ پینے" گجرانوالے کے چلے نے ہمیں مجبور کر دیا جس پر ہمیں کوئی ندامت نہیں کیونکہ اگر ہمارے وزیر اعظم ایک ہزار یوٹرن لے سکتے ہیں تو ہمیں بہر حال ایک یوٹرن لینے کی رعایت تو ملنی چاہیے۔ گجرانوالے کا پاور شو کامیاب تھا یا ناکام، اس پر بعد میں بات ہو گی پہلے ہم آپ کو اپنی ایک خوشی میں شریک کرنا چاہتے ہیں جو یہ کہ ہمارے 2 سال سے مفقود الخبر پرویز خٹک اچانک جلوہ افروز ہوئے حالانکہ ہم تو سمجھ بیٹھے تھے کہ ہماری وزارت دفاع وزیر دفاع کے بغیر ہی روبہ عمل ہے۔ اُنہوں نے نوشہرہ میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ پی ڈی ایم کا پہلا جلسہ ہی ناکام ہو گیا۔ جس وقت پرویز خٹک یہ فرما رہے تھے، اُس وقت واقعی پی ڈی ایم کا جلسہ ناکام بلکہ ناکام ترین تھا کیونکہ جلسہ تو ابھی شروع ہی نہیں ہوا تھا۔ اسی طرح کی "حرکت" ہمارے پنجاب کے وزیر اطلاعات و نشریات فیاض چوہان نے بھی فرمائی۔ اُس نے جلسہ شروع ہونے سے بہت پہلے کی تصاویر میڈیا پر شیئر کر دیں۔ ان تصاویر میں خالی خالی کرسیاں (جاری ہے)

ہم نبی کریم کے دیوانے

ڈاکٹر تصور حسین مرزا

اہل ایمان بالخصوص عاشقان رسول اللہ کیم ربیع الاول سے ہی گھر گھر اور مساجد میں میلاد النبی اور نعت خوانی (مدح رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی محافل شروع کر دیتے ہیں۔ علماء کرام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت با سعادت، آپ کی ذات مبارکہ اور سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں۔ اسی طرح مختلف شعراء اور ثناء خوان رسول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں نعتیہ گلہائے عقیدت اور درود و سلام پیش کرتے ہیں۔ یہ کوئی رسم یا دیگر تہواروں کی طرح کوئی تہوار نہیں بلکہ یہ ایک سعادت ہے جو صرف عاشقان رسول اللہ کے حصہ میں آتی ہے۔

اہل ایمان کا یقین کامل و ایمان ہے کہ ماہ ربیع الاول کہ اس مہینے نبی آخر الزماں کی دنیا میں تشریف آوری ہوئی، جو انسان کامل، ہادی عالم اور وجہ تخلیق کائنات ہیں، ربیع الاول امت مسلمہ کے لیے کلیدی اہمیت کا حامل مہینہ ہے، اس ماہ مبارک میں ہی حضور انور سرور کونین حضرت محمد ﷺ کو دنیا کو اندھیروں سے نکالنے کیلئے بھیجا گیا۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پوری دنیا کے لئے نمونہ بن کر آئے، وہ ہر شعبے میں اس اوج کمال پر فائز ہیں کہ ان جیسا کوئی تھا اور نہ ہی آئندہ آئے گا۔ ان شاء اللہ

عید میلاد النبی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کی مناسبت سے منایا جاتا ہے۔ یہ ربیع الاول کی بارہ تاریخ میں آتا ہے۔ ویسے تو میلاد النبی اور محافل نعت کا انعقاد پورا سال ہی جاری رہتا ہے لیکن خصوصاً ماہ ربیع الاول میں عید میلاد النبی کا تہوار پوری مذہبی عقیدت اور احترام سے منایا جاتا ہے۔

اللہ پاک نے اپنی کتاب لاریب میں فرمایا ہے کہ

"اور انہیں اللہ کے دن یاد دلاؤ"۔ (سورۃ ابراہیم، 5) امام المفسرین سیدنا عبداللہ بن عباس (رضی اللہ عنہما) کے نزدیک ایام اللہ سے مراد وہ دن ہیں۔ جن میں رب تعالیٰ کی کسی نعمت کا نزول ہوا ہو۔ ان ایام میں سب سے بڑی نعمت کے دن سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت و معراج کے دن ہیں، ان کی یاد قائم کرنا بھی اس آیت کے حکم میں داخل ہے)۔ (تفسیر خزائن العرفان)۔

عرش و فرش والے عاشقان رسول اپنی عقیدت اپنی محبت اپنی لگن اپنی چاہت اور اپنی اطاعت میں حسب توفیق اپنے گھروں، گلیوں، محلے، گاؤں قصبے اور شہروں میں چراغاں کرتے ہیں، درود و اسلام کے نذرانے پیش کرتے ہیں اور ایسے خوش نصیبوں کی قسمت پر جتنا بھی ناز کیا جائے کم ہے۔ یہ روشنیاں چراغاں اور فانوس کی حقیقت سمجھنے کے لئے فرمان عالی شان امی جان رسالت مآب ہے

"حضرت آمنہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں، (جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی تو ساتھ ہی ایسا نور نکلا جس سے مشرق سے مغرب تک ساری کائنات روشن ہو گئی)۔ مسلمان تو عید میلاد صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی میں اپنے گھروں اور مساجد پر چراغاں کرتے ہیں، خالق کائنات نے نہ صرف ساری کائنات میں چراغاں کیا بلکہ آسمان کے ستاروں کو فانوس اور قمقمے بنا کر زمین کے قریب کر دیا۔"

اسی طرح حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی والدہ فرماتی ہیں، (جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی میں خانہ کعبہ کے پاس تھی، میں نے دیکھا کہ خانہ کعبہ نور سے روشن ہو گیا۔ اور ستارے زمین کے اتنے قریب آگئے کہ مجھے یہ گمان ہوا کہ کہیں وہ مجھ پر گر نہ پڑیں)۔

محسن انسانیت کی ذات اقدس اس کائنات کے لئے باعث رحمت ہے۔ آپ کو ہر شعبہ زندگی میں وہ معراج حاصل ہے، جس کی مثال ہی نہیں ملتی، حضور پاک کی زندگی کی صفات و کمالات کا احاطہ کرنا تو انسان کے لئے ممکن نہ ہے لیکن ہر شعبہ ہائے زندگی میں وہ عام انسان کے لئے بہترین عملی نمونہ نظر آتے ہے۔

جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعات کی تاریخی خوشی میں مسرت و شادمانی کا اظہار ہے اور یہ ایسا مبارک عمل ہے جس سے ابولہب جیسے کافر کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔ اگر ابولہب جیسے کافر کو میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشی میں ہر پیر کو عذاب میں تخفیف نصیب ہو سکتی ہے۔ تو اُس مومن مسلمان کی سعادت کا کیا ٹھکانا ہو گا جس کی زندگی میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشیاں منانے میں بسر ہوتی ہو۔

آج افسوس ہم نبی کریم خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی ولادت و باسعادت کی خوشی منانے میں شریعت محمدی پر عمل پیرا نہیں ہو رہے۔ خوشی منانے آپ سے محبت کرنے اور آپ کی اطاعت میں ہی دنیا اور آخرت کی کامیابی ہے مگر وہ کام جن کا دین اسلام میں تصور بھی نہیں ایسا کرنا ایسا کروانا محبت رسول کیسے ہو سکتی ہے؟

آپ نے علم و نور کی ایسی شمعیں روشن کیں جس نے عرب جیسے علم و تہذیب سے عاری معاشرے میں جہالت کے اندھیروں کو ختم کر کے اسے دنیا کا تہذیب یافتہ معاشرہ بنا دیا، آپ نے اپنی تعلیمات میں امن، اخوت، بھائی چارہ، یکجہتی اور ایک دوسرے کو برداشت کا درس دیا۔

عاشقان رسول اللہ سے گزارش ہے کہ عشق رسول اور اطاعت رسول کا دعویٰ کرنے کی بجائے عشق رسول کا عملی کردار ادا کرنا ہو گا جس سے یہ بتانے کی ضرورت ہی نہ پیش آئے کہ ہم عاشقان نبی ہے بلکہ ہمارا چلنا پھرنا اٹھنا بیٹھنا یعنی کردار بتائے کہ ہم نبی کریم کے دیوانے ہیں۔

یہ ایک استعاری کہانی ہے؛

فیض محمد حسنی

میری ماں نے مجھ سے سوال کیا انسان کے جسم کا سب سے اہم عضو کونسا ہے؟

میں لڑکپن سے نیا نیا شعوری دنیا میں داخل ہوا تھا۔ ماں کے سوال کو اتنی سنجیدگی سے نہیں لیا۔ لاشعوری میں ماں سے کہا ماں انسان کا سب سے اہم عضو یقیناً سر ہے۔ جسمیں آنکھیں ہیں انسان دنیا کی خوبصورتی کو دیکھتا ہے، کان سے لوگوں کی باتیں سنتا ہے وغیرہ

ماں نے کہا بیٹا یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے۔

کچھ عرصہ گزرنے کے بعد ماں نے پھر سوال دہرایا میں نے کہا ماں یہ کوئی سوال نہیں ہے۔ وہی جو میں کہہ چکا ہوں ماں نے کہا بیٹا یہ بہت ہی اہم سوال ہے۔

کہیں سال گزر گئے اسی دوران شادی ہوئی گھر بس گیا۔ بچے ہوئے عمر چالیس سال سے گزر گئی۔ ایک دن ہم گھر میں خوش ماحول میں بیٹھے ہوئے تھے ماں نے پھر اپنا سوال پوچھا۔ بیٹا انسان کے جسم کا سب سے اہم عضو کونسا ہے؟

میں مسکرا کر کہا ماں آپ میرے دیے ہوئے جواب نہیں مانتی۔ چلیئے جواب دینے کی کوشش کرتا ہوں۔ میرے خیال میں انسان کے جسم کے سب سے اہم عضو آنکھیں ہیں جن کی مدد سے انسان گھومتا پھرتا ہے۔

ماں نے کہا نہیں بیٹا یہ میرے سوال کا جواب نہیں ہے۔

پھر میں نے کہا ماں یقیناً انسان کے ہاتھ ہیں جن کی مدد سے وہ اپنے روزمرہ کے کام سرانجام دیتا ہے۔

ماں نے کہا نہیں بیٹا یہ بھی میرے سوال کا جواب نہیں ہے۔

ایک دن میں کسی کام کے سلسلے میں گھر سے باہر تھا جلدی گھر پہنچنے کے لیے مجھے فون آیا ابھی میں گھر پہنچنے والا تھا کہ لوگوں کو میں اپنے گھر کی طرف جاتے ہوئے دیکھا جن میں میرے ہمسایہ دوست اور رشتہ دار شامل تھے۔

گھر پہنچنے کے بعد مجھے کچھ سنجیدہ لوگوں نے کہا کہ آپ کے والد صاحب انتقال کر گئے ہیں۔ اب والد صاحب کی میت میری آنکھوں کے سامنے تھی اور میں میت کے پاس اداس کھڑا تھا۔ اس دوران ماں آئی اور میرے کندھے پر اپنا سر رکھ کر اپنا سوال دہرایا بیٹا انسان کے جسم کا اہم عضو کونسا ہے؟ میں تھوڑے جذباتی انداز میں ماں سے کہا کیا یہ مذاق کا موقع ہے کہ ایسے سوال پوچھے جائیں۔

ماں نے کہا ہاں بیٹا ہاں یہی تو موقع ہے میرے سوال کے جواب دینے کا یا میں خود اپنے سوال کا جواب دوں گی۔

ماں اپنے پوچھے ہوئے سوال کا خود جواب دیتے ہوا کہا بیٹا انسان کے جسم کا سب سے اہم عضو انسان کا کندھا ہے

۔ کندھا انسان کا وہ اہم عضو ہے جو بڑے سے بڑا بوجھ اٹھاتا ہے۔

ماں نے مزید کہا یاد رکھنا بیٹا آپ کا بھاری بوجھ اٹھانے والا کندھا آج اتر گیا ہے۔ اب کوئی بھی بوجھ اٹھانے سے پہلے اس کے وزن کا اندازہ کرنا پھر اس بوجھ کو اٹھانے کی کوشش کرنا۔

میں سوچ رہا تھا کہ ماں کا کتنا اہم سوال تھا میں اتنے بڑے عرصہ سے ماں کے سوال کو سنجیدگی سے نہیں لیا تھا۔ میں اپنی زندگی میں بہت سے اہم مسائل سے مکمل بے خبر تھا جنھیں میرے والد ہمیشہ سے نمٹا تا رہا ہے۔

یہ باپ ہی تو ہے ہفتہ کے چھ دن اور دن کے آٹھ گھنٹے کام کرتا ہے اور ایک دن آرام کرتا ہے اسے بھی ہمارے لیئے ہی وقف کرتا ہے۔

آج ہم جو بڑی بڑی کاروں میں گھوم رہے ہیں بڑے بڑے بنگلوں میں عشرت سے بیٹھے ہیں یا آج کی ہماری جو استراحت کی زندگی ہے یہ ہمارے کمال نہیں بلکہ ان کی سخت محنت اور خواری کا ہی تو نتیجہ ہے۔

ہم نے بہت سے خوبصورت اور جسمانی طور پر مضبوط نوجوانوں کو ہلاک کے ٹیلوں پر کام کرتے دیکھا ہے۔

اس دنیا میں اگر کسی شخص کا آپ کی زندگی میں سب سے بڑا اثر ہے تو وہ آپ کا باپ ہے۔ باپ انسان کی زندگی میں وہ شخص ہوتا ہے جو اپنی اولاد کی خوشی کے لیئے اپنا سب کچھ قربان کر دیتا ہے۔ کوئی شخص چاہے جس بھی عمر میں ہے باپ کا نقصان اس کی زندگی کو بدل دیتا ہے۔ آپ کا والد آپ کا محافظ ہے آپ والد کے نقصان کا کبھی بھی اپنی زندگی میں ازالہ نہیں کر سکتے باپ کی سوچ انسان کے دماغ سے کبھی محو نہیں ہوتا۔ یہ باپ ہی تو ہے جو تمہیں دنیا کا سب سے بڑا تحفہ دیتا ہے یعنی یقین کہ میرا بیٹا سب کچھ کر سکتا ہے یا بن سکتا ہے۔

اتنی سی گزارش ہے کہ اگر کسی کا والد حیات ہے تو اس کا احترام اور اس کی خدمت لازمی کریں اگر فوت ہو چکا ہے اسے ہر وقت یاد کریں اور اس کے لیے دعا کریں۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

شہد و شکر سی شیریں اردو۔۔

سرگوشی
عروبہ عدنان

اللہ نے انسان کو اشرف المخلوق کہا ہے اور اس کی وجہ اسکا باشعور ہونا اور اپنے خیالات اور احساسات کا اظہار زبان کے ذریعے کرنا ہے۔ زبان سماجی و ثقافتی روایات و اقدار کا خزانہ ہوتی ہے۔ یہ ماحول و وجدان کے ملاپ سے وجود میں آئی۔ کسی بھی قوم کی پہچان، اسکا تشخص اسکی زبان ہوتی ہے۔ دنیا میں بہت سی زبانیں بولی جاتی مگر کچھ زبانیں ایسی ہیں جو آسان، عام فہم ہونے کے باعث کسی خاص علاقے یا ملک تک محدود نہیں رہتیں، بلکہ مقبول عام ہو کر بین الاقوامی زبان کہلائی جانے لگتی ہیں یعنی وہ زبانیں جو مختلف ملکوں میں بولی اور سمجھی جاتی ہیں عالمگیر زبانیں کہلاتی ہیں مثلاً انگلش، عربی، جرمن، چینی اور اردو۔ یہ ایسی زبانیں ہیں جو تقریباً دنیا بھر میں بولی اور سمجھی جاتی ہیں اور رابطے کی زبان کہلائی جاتی ہیں۔ اردو زبان اپنے اندر بہت وسعت لئے ہوئے ہے۔ یہ مختلف زبانوں کا حسین امتزاج ہے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ پاک و ہند میں اردو کا وجود بہت سی زبانوں کے ملاپ سے وقوع پزیر ہوا۔ اسی لیے اردو کو لشکری زبان بھی کہا جاتا ہے۔ اردو زبان میں تہذیب و محبت کی ایسی مٹھاس و چاشنی بھری ہے کہ سننے والا اس سے متاثر ہوئے بنا نہیں رہتا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں بہت ساری زبانوں کا حسین سنگم موجود ہے اسی لیے سننے والے کو اردو زبان نامانوس معلوم نہیں ہوتی یہی وجہ ہے کہ فارسی، ترکی، عربی اور ہندی بولنے والے جلد اسے سمجھنے اور بولنے لگتے ہیں اور یہی نہیں بلکہ اب تو ہندی سرے سے بولی ہی نہیں جاتی۔ ہند میں فقط اردو ہی ہے جو بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ بس دو چار الفاظ کی آمیزش کر کے ہندوستان میں دعویٰ کیا جاتا ہے کہ ان کی بولی "ہندی" ہے۔ ہندی تو دراصل سنسکرت زبان ہے جس کا وجود اب انڈیا کی پرانی کتابوں کے علاوہ کہیں نہیں ملے گا۔ ۔۔۔ یہی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے اردو ہر دلعزیز و مقبول زبان بن گئی ہے اور یہ زبان بڑی تیزی سے ترقی کے مراحل طے کرتے ہوئے آج اس مقام تک پہنچی گئی ہے کہ اس کو جاننے، بولنے اور سمجھنے والے دنیا بھر میں موجود ہے۔ اردو نے ایک طویل سفر طے کیا ہے اپنے اس وجود تک آنے کے لیے ۔۔۔ فہم و ادراک کے نئے و پرانے خزانے دریافت ہوئے اور انسانی خیالات و احساسات کی جیتی جاگتی آواز اردو زبان برصغیر میں معرض وجود میں آئی۔۔۔۔۔

اردو جسے کہتے ہیں تہذیب کا چشمہ ہے
وہ شخص مہذب ہے جس کو یہ زباں آئی

روش صدیقی

انسان، شیطان کے بہکائے ہوئے ہیں

قادر خان یوسف زئی

ماضی میں کئی دلخراش جنسی زیادتی کے واقعات سوشل میڈیا کی توسط سے ملکی و عالمی ذرائع ابلاغ کی توجہ کا مرکز بنے۔ ریاست کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے کی ضرورت ہے، لیکن افسوس کا مقام ہے کہ واقعات رونما ہونے پر میڈیا کی تشہیری مہم میں شراکت دار تو بن جاتے ہیں لیکن جیسے ہی کوئی ملزم گرفتار ہوتا ہے، اس کے اگلے دن ہی سب کچھ فراموش کر دیا جاتا ہے۔

مدعی اور ان کے اہل خانہ کو قانونی تحفظ نہ ملنے کے باعث کبھی انجانی دباؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے کہ اب تو جو ہو گیا سو ہو گیا، آگے مستقبل کا سوچیں، جو گذر چکا وہ واپس تو نہیں لایا جاسکتا، بلا وجہ دشمنی بڑھانے سے کیا فائدہ، چھوڑیں، اگر آپ نہیں مانیں گے تو (اندھا) قانون اپنا راستہ خود بنا لے گا، ویسے بھی یہاں پھر پوچھتا کون ہے، آپ کے اور بھی بچے ہیں، کل کلاں ان کے ساتھ (اللہ نہ کرے) کچھ ہو گیا تو، ناجی نا، بیماری، کوئی انجانی گولی، راہ چلتے کچھ ہو جانا، او جی، اللہ معاف کرے، یہ تو سوچیں ناں کہ پورے خاندان کی جوان بچیوں کا کیا ہو گا، بے شک جی، جو ہوا بہت برا ہوا، لیکن بدنامی بھی تو بہت بری ہوتی ہے، ان کے رشتے یعنی اُن سے رشتے کون کیوں کرے گا، ہمیشہ بدنامی کا طوق گلے میں اٹکا رہے گا، کس کس کو سمجھائیں گے، کن کن سے لڑیں گے۔

یہ مقدمے لڑتے لڑتے سب کچھ بک جاتا ہے لیکن فیصلے پوری نہیں ہوتی، وہ وقت کی روٹی اس دور میں کمانا مشکل ہے، اس پر تھانے کچہری کے چکر لگانا، گواہوں کو راضی کرنا، آنے جانے، کھانے پینے کے خرچے، سب کی فرمائشیں، قرض کے پہاڑ، اُف، اب خود بتائیں، خیر، جو ہوا سو ہوا، اجی ماما غلط ہوا، لیکن اللہ بھی تو اپنے گناہ گار بندے کو معاف کر دیتا ہے، تو ہم تو انسان ویسے ہی شیطان کے بہکائے ہوئے ہیں، اگر آپ موقع دیں گے، تو دشمنی بھی نہیں رہے گی اور ہو سکتا ہے کہ بندہ اللہ کے ساتھ ساتھ اُس کے بندوں کی خدمت کر کے اچھا انسان بن جائے، تو سوچیں کہ کتنا بڑا صدقہ جاریہ ہو گا، دنیا و آخرت میں اس کا اجر ملے گا، نیکی آخرت کا سرمایہ ہے، آپ بھی کمائیں اور دنیا میں بھی سرخرو ہوں، تو پھر دو خاخیر کے لئے ہاتھ اٹھاتے ہیں۔

یہ سب تصوراتی نہیں بلکہ دید و شنید بھی ہے، راضی نامے کے اس کھیل میں سماجی ٹھیکیدار و بعض رشتے دار بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں، ان پورے دھندے میں فروعی مفادات مخفی نہیں ہوتے بلکہ وہ جانتے ہیں کہ کچھ بڑے پر چند قطرے ان کی جھولی میں بھی گریں گے۔ پولیس کے بیشتر تفتیشی افسران اور اہلکار سہولت کار کا کردار ادا کرتے ہیں، کیونکہ انہیں صرف ایک کیس کے لئے عدالت میں پیش نہیں ہونا پڑتا، بلکہ

شال بقیہ 1

طے ہے کہ آج پیپلز پارٹی کے کارکن شہید بے نظیر بھٹو اور شہدائے کارساز کے دیگر شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے آئینگے، کراچی جلسہ میں عوام نواز شریف اور پی ڈی ایم کے بیانیے کو سننے نہیں آرہے وہ پی ڈی ایم کے ایجنڈے کے تحت نہیں بلکہ کارساز کی بری کی مناسبت سے آرہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم نے پہلے کہا تھا کہ گوجرانوالہ جلسہ میں اپوزیشن کو ناکامی ہوئی پی ڈی ایم کے گوجرانوالہ جلسے کے منفی اثرات آج کے جلسے پر پڑینگے اور کوئٹہ جلسہ تین دفعہ ملتوی کرنے کا یہ موضع پیغام ہے کہ یہاں جلسہ منعقد نہیں کرسکے، مجھے ڈر ہے کہ کہیں وہ 25 اکتوبر کے جلسے کو مزید ملتوی نہ کریں۔لیاقت شاہوانی نے کہا کہ شہدائے کارساز میں قربانیاں پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے دی اور فائدہ نواز شریف نے اٹھایا اب بھی وہ پیپلز پارٹی کے کندے پر بندوق رکھ کر واپس آنا چاہ رہے۔

شال بقیہ 2

نادانی ہے اور نہ ہی محض کوئی اتفاق قومی اداروں اور سربراہان کے جلسے میں ذکر اس بات کا ثبوت ہے کہ اپوزیشن اس ملک میں اشتعال کی سیاست کو فروغ دینا چاہتی ہے ہم شاید بھول رہے ہیں کہ دنیا آج بھی کرونا وائرس کی لپیٹ میں ہے گزشتہ آٹھ مہینوں میں کوئی ایسا ملک نہیں ہے جس کی معیشت کرونا وائرس کے سبب متاثر نہ ہوئی ہو جلسوں سے نہ تو کرونا وائرس کا خاتمہ ہوگا اور نہ ہی معیشت کو ہونے والے نقصان کا ازالہ ہوسکتا ہے وقت ہے قوم مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے متحد ہوکر مستقبل کا سوچیں اللہ تعالیٰ ان سیاسی سربراہوں کو وہ عقل وفہم عطا کرے جو ملک اور قوم کے بہتر مستقبل اور تعمیر کے حق میں ہوں۔

شال بقیہ 3

ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کا یہ اقدام ان کی بلوچستان کے طلباء کے ساتھ اپنائیت پیار محبت وشفقت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔میر ضیاء لانگو نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے نا صرف بین الصوبائی روابط مضبوط ہوں گے بلکہ طلباء وعوام میں حکومت پر اعتماد بھی بڑھے گا اور تعلیم کے فروغ سے معاشرے میں ترقی کی راہ ہموار ہوگی مالی معاونت سے طلباء اپنے اخراجات وضروریات پوری کرکے اپنی تمام تر توجہ حصول تعلیم پر مرکوز کرسکیں گے۔وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے مزید کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے تعلیم سے تعمیر وطن کا کا سفر آسان ہوگا کیونکہ یہی طلباء ملک وقوم کا روشن مستقبل ہوں گے اور ملک کی ترقی وخوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

شال بقیہ 4

جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا کہ ملک سے بدعنوانی کا خاتمہ نیب کی اولین ترجیح ہے۔ بدعنوانی ایک کینسر ہے۔جس کا واحد حل سرجری ہے۔انہوں نے کہا کہ میگا کرپشن کے دائت کا لرکرائمز کو قانون کے مطابق نمٹانے کے لئے نیب نے اپنے پراسیکیوشن اور آپریشن ڈویژن کو تمام ضروری ہدایات جاری کردی ہیں۔اس کے علاوہ نیب نے معزز احتساب عدالتوں میں 1230 بدعنوانی کے ریفرنس دائر کر رکھے ہیں۔ان کیسز کی جلد سماعت کے لئے متعلقہ احتساب عدالتوں میں درخواستیں دائر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔تاکہ قوم کے تقریباً 943 ارب روپے جو لوٹے گئے ہیں۔ان مقدمات کا قانون کے مطابق فیصلہ ہو اور بدعنوان عناصر کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ منی لانڈرنگ اور بدعنوانی کے دیگر مقدمات کی تحقیقات میرٹ اور شفافیت پر جاری ہیں۔مزید برآں ہاسنگ سوسائٹیوں، مضاربہ سکینڈلز کے مقدمات کی تحقیقات کے علاوہ اشتہاری اور مفرور ملزمان کی گرفتاری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

شال بقیہ 5

کسی کے بہانے میں نہیں آئیں گے حکومت سے بھی اپیل ہے کہ وہ فوری طور پر صوبے کے احساس محرومی کے خاتمے کے لئے اقدامات کرے تاکہ کوئی بلوچستان کے احساس محرومی کو استعمال نہ کرسکے،انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے جلسے میں لوگ تھے لیکن انکے پاس عوامی مینڈیٹ نہیں ہے اپوزیشن این آر او کے لئے ملکی مفاد کے خلاف کام کررہی ہے وہ چاہتے ہیں کہ حکومت کے دو سالہ اقدامات کے اثرات کو زائل کیا جائے جو ہم نہیں ہونے دیں گے۔سردار یار محمد رند نے کہا کہ کراچی کے جلسے میں بھی زبردستی لوگ لاکر بیٹھائے گئے اپوزیشن کی تحریک ناکامی سے دوچار ہوگی۔

شال بقیہ 6

باتیں ہورہی ہیں لیکن ہم بتانا چاہتے ہیں کہ کچھ چیلوں کا بسترہ گول ہونے والا ہے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے کارکن بھرپور تیاری کے ساتھ شرکت کرکے ناجائز حکمرانوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت کریں گے انہوں نے کہا کہ روز اول سے جن پارٹیوں کے ساتھ ہمیشہ اختلاف رائے رہا ہے آج ملک کے بچاؤ کی خاطر ان کے ساتھ مل کر مشترکہ جدوجہد کررہے ہیں ماضی میں بھی مشکل وقت میں قیادت نے جمہوری قوتوں کے ساتھ مل کر جدوجہد کی تھی انہوں نے کہا کہ عوام کو مسائل کی دلدل سے نکالنے آٹھ کھڑا ہونا ہوگا اشیاء خورد ونوش آسمان سے باتیں کررہے ہیں معیشت صفر ہوگئی ہے حکمرانوں کی نااہلی کی وجہ سے وطن عزیز پاکستان ہر موڑ پر پریشان کن صورتحال سے دوچار ہے معاشی ترقی جام ہوکر خسارے پر خسارے کے تحت روز بروز مقروض ہوتا جارہا ہے دو سال گزر جانے کے باوجود بہتری نام کی کوئی چیز نہیں ہے بلکہ خالی خول دعووں اور سبز باغ دکھانے کا عمل بڑی بے شرمی سے آج بھی جاری ہے تمام محکموں میں انتظامی بدانتظامی کی شکایات عام ہیں پورا پاکستان کا نظام زندگی تباہ وبرباد ہے صوبے میں بیروزگاری کا دور دورہ ہے حکومت صرف زبانی جمع خرچ کے ذریعے دن رات بسر کررہے ہیں۔

شال بقیہ 7

الفاظ میں مذمت کرتے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ کرپٹ ٹولے کو پہلے ہی جلسے میں شکست کے بعد عوام کا لوٹا ہوا پیسہ واپس کرنے کی طرف گامزن ہونا چاہیے، حکومت کی جانب سے مس اچار پارٹی کے جلسے کی راہ میں کوئی رکاوٹ کھڑی نہیں کی گئی،صوبائی وزیر نے کہا کہ کروڑ روپے خرچ کرنے کے باوجود ایک درجن جماعتوں پر مشتمل پی ڈی ایم کی سیاسی گئی ایرانی سرکس ناکام ہوگئی،صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ گھراوالا جناح سٹیڈیم آدھا خالی ہونا عوام کی طرف سے ابو بچاؤ کرپشن چھپاؤ تحریک سے لاتعلقی کا اظہار ہے،عوام ترقی وخوشحالی چاہتے ہے حکومت نے ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کیا ہے عوام تبدیلی چاہتے ہے۔

شال بقیہ 8

ماہ میں اپوزیشن کے تمام کیسز فائل ہوجائیں گے، اور جس جس نے چوری کھایا ہے اس کو پکڑی دی جائے گی، یہ سب لوگ سائیڈ پر ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعظم نواز شریف کی تقریر غیر ذمہ دارانہ تھی جس میں پاکستان کی عظیم فوج کے خلاف باتیں کی گئیں۔وزیر ریلوے نے کہا کہ گوجرانوالہ جلسے میں شرمناک زبان استعمال کی گئی۔انہوں نے کہا کہ مارچ میں عمران خان اکثریت سے سینیٹ میں کامیاب ہوجائیں گے جس کی 20 فروری تک صورتحال بھی واضح ہو جائے گی۔ریلوے سے متعلق بات کرتے ہوئے شیخ رشید احمد نے کہا کہ حسن ابدال ریلوے اسٹیشن تاریخی ہے اس کی تعمیر نو اور تزئین کر دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان جلد ٹریکس اور کوچز کا افتتاح کریں گے،راولپنڈی میں 40 کوچز تیار کررہے ہیں اور ایک کوچ پر 90 لاکھ روپے کا خرچ آرہا ہے۔

شال بقیہ 9

کرتے ہوئے کیا۔ اجتماعات سے صمدی ڈپٹی سیکرٹری نظام عسکر، عدا سنگر، سابق ناظم نیاز خان بزنجو، علاقائی سیکرٹری عبدالعلی اچکزئی، نعیم آزاد، آغا جان، سابق کونسلر علاقائی سیکرٹری حمد اللہ بزنجو، سابق کونسلر نعیم خان اچکزئی، حاجی عبدالکریم ودیگر نے بھی خطاب کیا۔جبکہ گل سوخان خروٹ، غبرگ علاقائی یونٹ میں عوامی اجتماع،خبیر یونٹ نوحصار میں اوکی جرگے،دامان یونٹ میں اوکی جرگے ضلعی ڈپٹی سیکرٹری رحمت اللہ صابر، علاقائی سیکرٹری سلیمان بازئی، علاقائی سیکرٹری عبدالودود بازئی، لطیف خان بازئی نے خطاب کیا۔مقررین نے کہا کہ 25 جولائی 2018 کے انتخابات کے موقع پر عوام نے اپنی حق رائے دہی دیدی تھی لیکن عوام کے ووٹوں کی تقدس کو پامال کرکے سلیکٹڈ نمائندوں کو لایا گیا۔

شال بقیہ 10

کراچی کے عوام سے جڑ گئی ہوں، قائد اعظم کے مزار پر حاضری کے وقت جذباتی ہوگئی تھی۔مریم نواز اتوار کی دوپہر پی ڈی ایم کے جلسہ میں شرکت کے لیے اتوار کو کراچی پہنچ گئیں،ان کے ہمراہ کیپٹن ریٹائرڈ محمد صفدر،مریم اورنگزیب اور پرویز رشید بھی تھے۔ایئر پورٹ پر مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما محمد زبیر،صلاح اسماعیل،نہال ہاشمی،سید شاہ محمد شاہ،علی اکبر گجر،بھیل داس کوہستانی اور دیگر رہنماؤں نے استقبال کیا۔ایئر پورٹ کے باہر لیگی رہنماؤں اور کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔لیگی کارکنان شہر کے مختلف علاقوں سے ریلیوں کی شکل میں ایئر پورٹ پہنچے تھے۔مریم نواز کے ایئر پورٹ سے باہر آنے پر لیگی کارکنوں نے زبردست نعرے بازی کی۔مریم نواز نے ہاتھ ہلا کر ان کے نعروں کا جواب دیا۔مریم نواز ریلی کی شکل میں مزار قائد کے لی مدروانہ ہوئیں۔

شال بقیہ 11

کو جمہوریت یاد آئی ہے۔اتوار کو کراچی میں وفاقی وزیر علی حیدر زیدی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ 2018 کے انتخابات میں کراچی کے عوام نے پی ٹی آئی کو ووٹ دیا، 11 جماعتی اتحادی کو کراچی میں خوش آمدید کہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف بھاگ کر لندن میں بیٹھ گئے ہیں،نواز شریف کے بھائی اور پارٹی کے لوگ این آر او مانگتے رہے ہیں، ہر جگہ سے ناکامی کے بعد انہیں جمہوریت یاد آئی،ان کا بیانیہ اب کہیں بکنے والا نہیں، وہ سزا یافتہ مجرم ہیں اور سوالات پوچھنے والے ہوتے کون ہیں؟ان کا مسئلہ کسی فرد کے ساتھ نہیں بلکہ اداروں کے ساتھ ہے، ان کی تقاریر سول بالادستی اور جمہوریت کے لئے نہیں بلکہ اپنی کرپشن بچانے کے لئے ہے، نواز شریف کی تنقید ان اداروں پر ہے جو ان کی اطاعت نہیں کرتے،انہوں نے ایک تقریر میں نیا عمران خان بنادیا۔وہ دلیر ہیں تو ان کے منہ سے کلبھوشن کا نام کیوں نہیں نکلتا؟۔اس موقع پر علی زیدی نے کہا کہ سب سے زیادہ غربت سندھ میں ہے اور سندھ کے حکمران سب سے زیادہ امیر ہیں، جو بائی متحدہ نے کراچی کے ساتھ کیا، وہی کچھ اندرون سندھ میں آصف زرداری کرتے ہیں، بلاول بھٹو زرداری نے زندگی میں کبھی ایک دن دفتر میں بیٹھ کر کام نہیں کیا۔احتساب کا نام ہی جمہوریت ہے،نیا عمران خان میدان میں اتر گیا ہے، کرپشن بچاؤ مہم جتنی مرضی کرلو اب کچھ نہیں بچے گا۔

شال بقیہ 12

۔چھپتا ہے، سی پیک اپنی منزل تک پہنچے گا، اداروں کو سیاست میں گھسیٹنا پاکستان کے مفاد میں نہیں،افواج پاکستان کا قیام امن میں کلیدی کردار ہے، ، آپ جتنا ورغلائیں آپ کو ناکامی ہو گی،بلاول بیٹا بھارتی بیانیے کا حصہ نہ بنیں،مسئلہ کشمیر پر پاکستانی قوم متحد ہے،حکومت کی کشمیر پالیسی بالکل واضح ہے ،اس میں کوئی لچک نہیں،سعودیہ سے تاریخی تعلقات کا پورا تحفظ کرتے ہیں،میرا تعلق تو عرب کے قریش قبیلے سے ہے،سندھ میں تیر لوگوں کے سینوں میں پیوست ہو گیا ہے،بلاول بیٹا بھٹو کے نام پر کتنی بار ووٹ لو گے،کتنی بار وہی فلم چلاؤ گے،اسٹیج سے وزیر اعظم نواز شریف کے نعرے لگتے ہیں تو پی پی کا کارکن لاتعلق دکھائی دیتا ہے،مولانا فضل الرحمن نے خالی اسٹیڈیم میں عمل خطاب کیا،اپوزیشن کے جلسے میں کوئی رہبا نظر نہیں آیا،ہم اپوزیشن کو فری ہینڈ دیا،ہمدردی حاصل کرنے اور ناکامی کی پیش بندی کیلئے اپوزیشن نے گرفتاری کا موقف اپنایا،ہم سیاسی لوگ ہیں۔

شال بقیہ 13

کہ فریقین کے مابین جن حالات پر اتفاق کیا گیا ان کا احترام کیا جائے گا۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ دونوں فریقین کے درمیان پائیدار امن کا انحصار اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عمل عمل ہے،ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ دونوں فریقین میں امن آذربائیجان کے علاقوں سے آرمینیائی افواج کے انخلا پر ہوگا۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان بردار ملک آذربائیجان کی عوام کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔

شال بقیہ 14

کررہے تھے گرفتار قیدیوں میں خیبر پختون خواہ 77،پنجاب 399،سندھ 5،بلوچستان 2 اور آزاد کشمیر 17 شامل تھے۔راہداری گیٹ پر محکمہ صحت کے پیرامیڈیکس اسٹاف کی جانب سے ان کی اسکریننگ بھی کی لیویز ذرائع کے مطابق یہ تمام پاکستانی بہتر روزگار کے لیے ایران سے یورپ جانا چاہتے تھے ابتدائی کاروائی کے بعد تمام گرفتار پاکستانیوں کو ایف آئی اے کے حوالے کردیا گیا۔

شال بقیہ 15

وزیر اعظم کی نہیں، پاکستان ایک ایٹمی طاقت کا حامل ملک ہے اس کے وزیر اعظم میں تدبر فراست اور متانت کی ضرورت ہے اگر کہیں سے مل جائے تو لے لینا چاہیے، مجھے تو لگتا ہے کہ عمران نیازی کے قریب سے یہ تینوں خصوصیات چھو کر بھی نہیں گزریں ورنہ کچھ اثر ضرور ہوتا،انہوں نے یہ بھی کہا کہ جس طرح عمران نیازی تقریں اتارتا ہے مسخروں والی آوازیں نکالتا ہے یہ کسی جمہوری ریاست کے وزیر اعظم کا منصب نہیں بلکہ یہ تو کامیڈی تھیٹر کے کامیڈین کا منصب ہوسکتا ہے۔

شال بقیہ 16

خان کی وفات پر اظہار تعزیت کے بعد میانوالی کے میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے کشمیر پر سودے بازی کرلی ہے کشمیریوں کی جدوجہد کو سبوتاژ کیا گیا ہے اتنے عرصے سے کشمیری عوام محصور ہوکر رہ گئے ہیں اور یہ ایک سوچی سمجھی بیرونی سازش ہے کہ ادھر تم ادھر ہم کی پالیسی اپنائی جارہی ہے کہ جو کشمیر پاکستان کا حصہ ہے وہ پاکستان کے پاس رہے اور جو مقبوضہ کشمیر انڈیا کا حصہ ہے وہ انڈیا کے پاس رہے لیکن یہ حکومت کے لیے بھی اور ملک پاکستان کی سلامتی کے لیے بھی خطرہ ہوگا اور کشمیریوں کے لیے بھی مایوسی ہوگی،انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں ایک طرف قانون سازی میں حکومت کی سپورٹ کرتی ہیں اور دوسری طرف وہ اسی حکومت کو گرانے اور رخصت کرنے کی باتیں کرتی ہیں عوام کے لئے ان کے پاس کوئی پروگرام نہیں ہے یہ صرف اپنے مفادات کے لئے اکٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے ان جماعتوں کے اسی کردار کی وجہ سے ان کا ساتھ دینے سے انکار کیا، پی ٹی آئی، پیپلز پارٹی اور ن لیگ ایک پیج پر ہیں سارے اشرافیہ اپنے مفادات کے تحفظ کیلئے بھی ن لیگ بھی پیپلز پارٹی میں شامل ہوتے ہیں اور آج کل یہ پی ٹی آئی میں شامل ہیں کل کسی اور پارٹی میں ہوں گے۔سینیٹر سراج الحق نے کہا جماعت اسلامی عوام کی بات کرتی ہے اور عوام کے لئے جدوجہد کررہی ہے۔

شال بقیہ 17

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دو دن پہلے لوگوں نے گوجرانوالہ میں سرکس دیکھا جس میں اپنا مال بچانے کیلئے نامناسب باتیں کی گئیں۔انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو پتہ نہیں آکسفورڈ میں کیا پڑھتے رہے کہ انہیں پاکستانی تاریخ کا معلوم ہی نہیں ہے، عوام اپوزیشن کی باتوں میں نہیں آئے گی۔شہباز گل نے کہا کہ پیٹرولیم ڈویژن نے ماضی میں محرم دستگیر کو پیٹرول پمپ کیلئے جعلی این او سی دیا تھا،محرم دستگیر آپ نے جو لوٹ مار کی ہے آپ سے اس کا حساب لیا جائے گا۔جعلی این او سی میں نمبر ہائی دے کا ہے جو کسی کو جاری نہیں ہوسکتا۔انہوں نے کہا کہ محرم دستگیر کے والد نے چڑیا گھر کی زمین بھی اپنوں کو دلائی۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف آپ کے بھائی نے بھی نوکروں کے نام پر اربوں روپے کی منی لانڈرنگ کی ہے۔معاون خصوصی نے کہا کہ ہماری آرمی ہے تو ہم ہیں۔پاک فوج شہادتیں دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت یہی چاہتا ہے کہ افواج پاکستان کو نشانہ بنایا جائے۔نواز شریف کو مخاطب کرتے ہوئے شہباز گل نے کہا کہ لوگ آپ کے لندن میں تیار کردہ ملک دشمن بیانیے کے ساتھ کھڑے نہیں ہوسکتے اور ہمیں نہیں معلوم تھا کہ لندن میں بیٹھے نواز شریف اتنے بزدل ہیں جنہوں نے ہمیشہ عوام کا پیسہ لوٹا ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارتی اخباروں میں نواز شریف کی ہیڈ لائنز لگ رہی ہیں، اپوزیشن اتحاد میں شامل تمام جماعتیں اپنے مفاد کیلئے اکٹھی ہوئی ہیں اور ان 11 جماعتوں کے پیچھے ہندوستان ہے۔

شال بقیہ 18

اے حکام کی ہدایت کے مطابق ایک مل سیل کردیا گیا جبکہ مہنگائی کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران 11 دکانیں سیل کرکے ان پر 66 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ اینٹی انکروچمنٹ کے تحت کارروائی کے دوران 70 دکانیں سیل کرکے 54 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا یہ کارروائیاں نواں کلی،شادن زئی،عالموں چوک،جیل روڈ،سریاب روڈ،سرپل،شہباز ٹاؤن میں عمل میں لائی گئی انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اپنی رٹ قائم کرنے کیلئے کارروائیاں کررہی ہے اور کسی کو گرانفروشی کی اجازت دیگے اور نہ ہی ہے جا تجاوزات قائم کرنے کی اجازت ضلعی اس سلسلے میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے۔

شال بقیہ 19

میں افغان فورسز کے ساتھ جھڑپوں میں 28 طالبان ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔افغان میڈیا نے صوبہ بدخشاں کے پولیس ترجمان شاہ اللہ روحانی کے حوالے سے بتایا ہے کہ صوبہ بدخشاں کے صدر مقام فیض آباد شہر کے تمام آٹھ اضلاع میں سات روز شدید لڑائی کے بعد افغان فوجیں واپس چلی گئی ہیں تاکہ لڑائی میں عام شہریوں کا جانی نقصان نہ ہو۔ترجمان نے مزید کہا ہے کہ لڑائی میں 29 طالبان اور 7 سکیورٹی اہلکار ہلاک جبکہ تین فوجیوں سمیت 64 طالبان زخمی ہوگئے۔روحانی کے مطابق افغان فوجیں دوبارہ پوری قوت کے ساتھ طالبان کے ساتھ نبرد آزما ہوکر صوبائی صدر مقام فیض آباد کا کنٹرول حاصل کرنے کے لئے جمع ہورہی ہیں۔ادھر جنوبی صوبہ قندھار میں پولیس ترجمان جمال بارکزئی نے دعویٰ کیا ہے کہ صوبہ قندھار کے اضلاع شراب ک اور تختہ پل میں افغان فورسز نے طالبان جنگجوؤں کے حملے پسپا کرکے شدید جھڑپوں کے دوران 28 طالبان جنگجو ہلاک اور 20 زخمی کردیئے۔فوری طور پر طالبان کا ان واقعات کے بارے کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔

شال بقیہ 20

کسی کو کوئی معافی نہیں ملے گی خواجہ آصف نے حکومت سے نواز شریف کا متبادل بننے کی پیشکش کی ہے۔اتوار کو کراچی میں اپنی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے فیصل واوڈا نے کہا کہ نواز شریف ہندوستان کا بیانیہ لیکر چل رہے ہیں وہ فوج اور عدلیہ کے خلاف ہرزہ سرائی کررہا ہے آج کلبھوشن کی جگہ نواز شریف نے لے لی ہے،حکومت کا دعویٰ ہے کہ خواجہ آصف نے نواز شریف کا متبادل بننے کی خواہش ظاہر کی ہے،انہوں نے کہ نواز شریف پاکستان کے ٹکڑے کرنے پر تلے ہوئے ہیں، آرمی چیف کو سلیکٹ کرنے والے آج ان کو برا کیوں کہہ رہے ہیں؟،ماضی دو سال سے تو کچھ نہیں کہہ رہی تھی، آج بیانیہ کچھ اور ہے،ہمارے نظریات مختلف ہیں۔

شال بقیہ 21

جہاں ایک طرف بجلی کی اضافی پیداوار ہورہی ہے وہیں ماحولیاتی آلودگی کے خطرے سے بچنے انتظامات بھی بہتر سے بہتر بنائے جارہے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ ایسے منصوبے مقامی میں آبادی میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا بھی باعث ہیں صوبائی وزیر نے پاور پلانٹ کے راکھ کو ٹھکانے لگانے والے سائیٹ کا بھی معائنہ اور جائزہ لیا آس موقع پر سیکریٹری ماحولیات عبدالصبور کاکڑ اور اسسٹنٹ کمشنر حب روحانہ گل کاکڑ سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران کول پاور پروجیکٹ سے متعلق صوبائی وزیر کو تفصیلی بریفنگ دی دراثنا صوبائی وزیر نے گورنمنٹ جام غلام قادر اسپتال کا بھی دورہ کیا اور مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور اسپتال میں صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔

شال بقیہ 22

روز جان، سیمیئل مسیح اور مرکزی مینٹی کے رکن شوکت اسٹیفن کی پریس کانفرنس مرکزی قیادت کے کہنے پر ہوئی تھی اس کانفرنس کو جھوٹ کا پلندہ کہنے والوں کے خلاف پارٹی ڈسپلنری رولز کے تحت ایکشن لیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ دنیش کمار پارٹی کے معزز رکن اور اقلیتی برادری کے رہنما ہیں انکی کردار کشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی بلوچستان عوامی پارٹی میں جو بھی پارٹی کے ڈسپلن کے خلاف جائے گا مرکزی قیادت اس کے خلاف بلاتفریق کاروائی کرے گی۔

شال بقیہ 23

قلات کے عوام سراپا احتجاج ہیں پی ڈی ایم قلات کا کارنر میٹنگ مدرسہ تجوید القرآن قلات میں زیر اہتمام جمعیت علماء تحصیل قلات منعقد ہوا جس میں پی ڈی ایم قلات کی قیادت شریک ہوئے جمعیت علماء اسلام سے سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات آغا فضل الرحمان شاہ،سید عبداللطیف شاہ حافظ محمد قاسم لہڑی مولانا غلام اکبر چندرانی، آغا عتیق الرحمن شاہ مولانا نظام الدین نیچاری غلام اللہ، محمد اسماعیل، حاجی رحیم داد عبدالقدوس عباسی محمد ریاض عمرانی،عبدالرحمن رحمانی کے علاوہ بی این پی مینگل سے سردار وازہ محمد نعیم دہوار، آغا قلندر خان احمد زئی، میر قادر بخش مینگل، احمد نواز، نیشنل پارٹی سے کامریڈ رشید کامریڈ ظہور بلوچ بے یو پی سے مولانا رحم دل حلیمی، مسلم لیگ ن سے چیئرمین عبدالواحد چندرانی، وڈیرہ گل محمد، پیپلز پارٹی ودیگر جماعتوں کے قائدین نے شرکت کی۔

شال بقیہ 24

قانون سازی کرکے اس کے اسباب کو ختم کرنا بہترین معاشی پالیسیاں بنانا غیر ضروری ٹیکسوں کا خاتمہ مہنگائی کے خاتمے کا سبب بن سکتا ہے جب اوپر کی سطح سے مہنگائی کے اسباب ختم ہوں تو پھر گرانفروشی پر قابو پانے کیلئے ضلع سطح پر ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو فعال کرکے انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کے ممبران کے ذریعے گرانفروشوں کے خلاف کارروائی کی جاسکتی ہے جبکہ نائیگر فورس ایک سیاسی پارٹی کا ونگ ہے اگر نائیگر فورس نے مارکیٹوں کا رخ کیا تو متعلقہ مارکیٹوں کی تاجر تنظیمیں انہیں جوتے مار کر بھگا دینگے کیونکہ قانون اور آئین میں اس قسم کی فورس کی کوئی گنجائش نہیں نائیگر فورس کی جانب سے پسند ناپسند کی بنیاد پر کاروائی کی صورت میں نسلی لسانی مذہبی قبائلی سیاسی تنازعات جنم لیں گے لہذا انجمن تاجران بلوچستان نائیگر فورس کے قیام کی نہ صرف بھرپور مخالفت کرتی ہے بلکہ مارکیٹوں میں آنے کی صورت میں ان کے خلاف بھرپور مزاحمت کا اعلان انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کے ذریعہ گرانفروشی کے خلاف کارروائی کی ہر مہم کا بھرپور ساتھ دینے کا اعلان کرتی ہے۔

شال بقیہ 25

طیشیاں کی تخریبی سرگرمیاں عراق کے امن کے لیے خطرہ بن رہی ہیں۔امریکی وزارت خارجہ نے عراقی سیاسی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ عراق کو درپیش کرونا وائرس اور معیشت کے بحرانات اور داعش تنظیم کی جانب سے مسلسل خطرے سے ذمے داری کے ساتھ نمٹیں۔

شال بقیہ 26

اپنے ایک مشترکہ بیان میں بھی۔انہوں نے کہا کہ 25 اکتوبر کے جلسے کی تیاریاں عروج پر ہیں یہ جلسہ بلوچستان اور پاکستان کی تاریخ کے بڑے سیاسی جلسوں میں سے ایک ہوگا جلسے میں مسلم لیگ (ن) کے کارکن بھرپور انداز شرکت کرکے اسے کامیاب بھی کریں گے یہ جلسہ عوام کی جانب سے مہنگائی، بے روزگاری، غربت، بدامنی کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا 25 اکتوبر کو بلوچستان کی عوام بھی یہ فیصلہ دے گی کہ انہیں اب ترقی کے نعرے اور بیانات نہیں بلکہ حقیقی ترقی چاہیے،انہوں نے کہا کہ ملک میں جمہوریت، پارلیمنٹ کی توقیر بحال کرنے، آئین کی بالادستی کے لئے پی ڈی ایم کے ساتھ 22 کروڑ عوام کھڑی ہے ہماری طاقت عوام ہے جس نے فیصلہ کرلیا ہے کہ اب انہیں نااہل حکومت قبول نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی کامیابی اور حکومت کا خاتمہ یقینی ہے دو دن دور نہیں جب مسلم لیگ (ن) ایک بار پھر عوام کی خدمت کریگی اور ملک کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کریگی۔

شال بقیہ 27

بالادستی پر یقین رکھتے ہیں انصاف کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے، سیاسی جماعتوں کا احترام کرتے ہیں مگر پاک فوج کا نشانہ بنانا بیرونی ایجنڈا لگتا ہے، تاجدار ختم نبوت شمع رسالت کے پروانے ولادت مصطفیٰ شایان شان طریقے سے منائینگے، عاشقان رسول تقاضائے ناموس رسالت کا تحفظ اور جشن ولادت مناتے رہینگے، سرکار دو عالم کا جشن ولادت منانا عین اسلام ہے سبز پرچموں کی بہار امن کا پیغام اور جگمگاتی روشنیاں خوشحالی کا مژدہ ہیں، ہمیں ملک میں رواداری، محبت اور احترام انسانیت کے قبلے کو پروان چڑھانا ہے، ہمارا دو کو درود وسلام کی خوشبو سے ختم کرنا ہے، عاشقان رسول ملک کی سلامتی وبقاء کیلئے کسی بھی قسم قربانی دینے سے گریز نہیں کرینگے، حضور اکرمؐ کے غلام جشن ولادت رسول کے سلسلے میں گلی محلوں، شاہراہوں کو سبز پرچم اور درود وسلام سے منور کردیں، عید میلاد مصطفیٰ امن عام کرنے جہالت، اقرباء پروری کا خاتمہ مظلوموں کو حقوق فراہم کرنے کا درس دیتا ہے۔

شال بقیہ 28

خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او شیر علی مندوخیل، اے ایس آئی محمود اللہ اور مہربان اے ایس آئی اور دیگر پولیس پارٹی نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش دین محمد ولد نیاز محمد کو گرفتار کرکے جن کے قبضے سے 80 گرام چرس برآمد کرکے مقدمہ درج کردیا پولیس مزید تفتیش کررہی ہے۔

شال بقیہ 29

تے مغربی بائپاس پر وین کی ٹکر سے جلال الدین نامی شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 30

گیا ہے محکمہ موسمیات کی جانب سے اطلاع دی گئی ہے بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ایک سمندری طوفان بننے کا امکان ہے لہذا البیلہ بھر کے ماہی گیروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ 18 اکتوبر 2020 تا 21 اکتوبر 2020 کو سمندری طوفان اور تیز ہواؤں کے پیش نظر ماہیگیر سمندر میں شکار کرنے سے گریز اور احتیاطی تدابیر اپنائیں تاکہ کسی قسم کی نقصان وپریشانی سے محفوظ رہ سکیں۔

شال بقیہ 31

کلاچ میں ٹرک کی ٹکر سے عبدالخالق نامی بچہ جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 32

امپورٹرز کے گندم کے جہاز پورٹ پر لنگر انداز ہوگئے ہیں۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر پیغام میں وفاقی وزیر علی زیدی نے اطلاع دیتے ہوئے کہا کہ گندم آنہیں رہی، گندم آگئی ہے۔

شال بقیہ 33

جذبہ ہماری سیاست کو یکجا سمت میں لے جائے گا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر زلفی بخاری نے ٹوئٹ کیا کہ نائیگر فورس سے متعلق زبردست تقریب کے انعقاد پر عثمان ڈار کو مبارکباد دیتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ کنونشن میں نوجوانوں کا زبردست جذبہ اور توانائی دیکھنے کو ملی، وزیر اعظم نائیگر فورس کنونشن میں ہمیشہ کی طرح خادم میں تھے، ایک لمحے میں اپو

صوبائی حکومت کھیلوں سمیت صوبے میں دیگر تمام شعبوں کی ترقی کی خواہش مند ہے، عبدالخالق ہزارہ

صوبہ کے وسائل کو صوبے کی تعمیر کیلئے استعمال میں لاکر بلوچستان کو ترقیافتہ صوبوں کے برابر لا جائیں عوام گواہ ہے

صوبائی حکومت کھیلوں سمیت صوبے میں دیگر تمام شعبوں کی ترقی کی خواہش مند ہے اور چاہتے ہیں، صوبائی مشیر برائے کھیل

مشیر اقلیتی امور دنیش کمار میتھیو ڈیسٹ چرچ میں انڈور سپائی اسکیم وفلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین وصوبائی مشیر برائے کھیل، ثقافت، امور نوجوانان، سیاحت وآثار قدیمہ عبدالخالق ہزارہ نے کھیلوں کے فروغ اور سپورٹس کے ذریعے صوبے کے تمام اقوام، مذاہب اور عقائد کے ماننے والوں کے درمیان رواداری اور بھائی چارگی کی فضاء ہموار ہونے کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ کھیل ایک صحت مندانہ سرگرمی ہے جس کے ذریعے مثبت سوچ کو فروغ دیا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہزارہ شوٹنگ سپورٹس کلب کے زیر اہتمام آل بلوچستان میر جام کمال خان رائفل شوٹنگ مقابلے کے دوران شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے بہترین نشانہ بازی کرنے والے کھلاڑیوں کی [بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر]

اپوزیشن کا حق ہے کہ وہ عوامی مسائل اجاگر کرنے کے لئے جلسے جلوس کرے اور پارلیمنٹ میں آواز اٹھائے، سعید احمد ہاشمی

عوامی مسائل کو اجاگر اور حکومتی پالیسی پر جلسے جلوسوں اور پارلیمنٹ میں تنقید کرے لیکن اس بیانیے کی ایک حد متعین ہونی چاہیے

حکومتی پالیسی اور عوامی مسائل پر تنقید ضروری کی جائے لیکن حکومت مخالف سیاست میں ملکی سلامتی کے معاملات اور اداروں کا تقدس ملحوظ خاطر رکھیں، دیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی سعید احمد ہاشمی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کا حق ہے کہ وہ عوامی مسائل اجاگر کرنے کے لئے جلسے جلوس کرے اور پارلیمنٹ میں آواز اٹھائے حکومتی پالیسی اور عوامی مسائل پر تنقید ضروری کی جائے لیکن حکومت مخالف سیاست میں ملکی سلامتی کے معاملات اور ریاستی اداروں کا تقدس ملحوظ خاطر رکھیں، ایسے بیانات سے اجتناب کرنا چاہیے جس سے جمہوریت، ملکی سالمیت کے اداروں کو نقصان جبکہ اندرونی وبیرونی دشمن کو فائدہ پہنچتا رہا ہے، ملکی سیاست کو دوراندیشی عوامی مسائل کے [بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر]

ڈپٹی کمشنر خضدار محمد ولی بزنجو کی صدارت میں لیویز دربار کا انعقاد، کمیل الرحمان بلوچ کانفرنس ہال میں منعقد ہوا

خضدار (ش ن) ڈپٹی کمشنر خضدار محمد ولی بزنجو کی صدارت میں لیویز دربار کا انعقاد کمیل الرحمان بلوچ کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ دربار میں لیویز فورس کے شہید منصور کانسٹیبل شہید طارق زہری ودیگر شہداء کی یاد میں ایک منٹ کی خاموشی، شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انکی قربانیوں کو سراہا گیا اور شہداء کیلئے دعائے مغفرت کی گئی، جبکہ شہداء [بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر]

سلیکٹڈ حکمران سیاست کے تحت جمہوری نظام کو کمزور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، علی مدد جتک

کراچی میں عوام کے سمندر کو دیکھ کر حکومتی ترجمانوں کی نوکریاں خطرے میں پڑ گئی ہیں خان صاحب ابھی صرف آغاز ہے آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

حکومت کے دن گنے جاچکے ہیں، کراچی میں عوام کے سمندر کو دیکھ کر حکومتی ترجمانوں کی نوکریاں خطرے میں پڑ گئی ہیں، بری کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت کے دن گنے جاچکے ہیں کراچی میں عوام کے سمندر کو دیکھ کر حکومتی ترجمانوں کی نوکریاں خطرے میں پڑ گئی ہیں خان صاحب ابھی صرف آغاز ہے آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا، پیپلز پارٹی غریب، مزدور، دیہکان، کسان، ملازم کی جماعت ہے انکے حقوق کے حصول پر کسی بھی صورت سمجھوتہ نہیں کریں گے، سانحہ کارساز کے شہید جیالے کارکنان نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے [بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر]

حب، صوبائی وزیر ماحولیاتی مشتاق خان کاکڑ حب چائنہ کول پاور پلانٹ پراجیکٹ کا معائنہ کررہے ہیں

بھارت میں مسلمانوں سمیت کوئی بھی اقلیت محفوظ نہیں بھارتی قیادت مذہبی جنون میں مبتلا ہے، بابر یوسفزئی

بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ ناروا سلوک کیا جارہا ہے، پاکستان تحریک انصاف بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے رہنما بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ بھارت یوکھلاہٹ کا شکار ہے یوکھلاہٹ میں بھارت ہمسایہ ممالک میں اندازی اور عالمی قوانین کی خلاف ورزی کررہا ہے عالمی برادری بھارت کی جانب سے بلوچستان میں دراندازی اور دہشتگردی کی معاونت کا نوٹس لے بھارت کا سفاک چہرہ پوری دنیا کے سامنے آشکار ہورہا ہے مقبوضہ کشمیر میں کالے قانون کے بعد 430 دن سے نہتے کشمیریوں کو جبری کرفیو سے قید کیا ہوا ہے کشمیری عوام کو خوراک وبنیادی ضروریات [بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر]

ترجمان حکومت بلوچستان اپنے مفید مشورے اپنے پاس رکھیں، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

پی ڈی ایم کیوں بنا کیسے بنا اور کیا کررہا ہے اسکا فیصلہ عوام پر چھوڑ دیں اور 25 اکتوبر کا انتظار کریں، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ترجمان نے حکومت بلوچستان کے ترجمان کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے مفید مشورے اور تبصرے اپنے اور اپنی باتوں میں آنے والے وزیر اعلیٰ تک رکھیں ترجمان کی نوکری ویسے بھی جانے والی ہے وہ اپنی سی وی درست کرنے پر توجہ دیں، پی ڈی ایم کیوں بنا کیسے بنا اور کیا کررہا ہے اسکا فیصلہ عوام پر چھوڑ دیں اور 25 اکتوبر کا انتظار کریں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ حکومت ترجمان آج کل ذرا بے چینی کا شکار ہے انکا بے چین کا بننا بھی ہے اور جب پچیس اکتوبر کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں پی ڈی ایم کے قائدین کی تقریروں کی آوازیں پہنچیں گی۔

قلات، بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی ضلعی الیکشن کے بعد سی ممبر ظفر ابابکی عبدالستار نیچاری نومنتخب صدر عارف قلندرانی نکری محمد شبی ودیگر خطاب کررہے ہیں

حاجی میر احمد عرف محراب خان بزنجو کی رسم سوم آج ادا کی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) حاجی میر احمد عرف محراب خان بزنجو کی رسم سوم آج اُن کی رہائشگاہ ملک حسن روڈ شالدرہ نزد مسجد رحمانی میں ادا کی جائیگی وہ محمد اسلم بزنجو محمد اشرف بزنجو محمد یونس [بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر]

عوام نے اپوزیشن جماعتوں کو مسترد کردیا ہے، حاجی سیف اللہ خان کاکڑ

گوجرانوالہ کے جلسے میں اپوزیشن کی جانب سے جس قسم کی تقریریں کی گئیں ان سے ملک دشمن قوتوں کو فائدہ پہنچا، صدر پی ٹی آئی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) اپوزیشن کا جلسہ بری طرح ناکام ہوا عوام نے ان کے ایجنڈے کو مسترد کردیا ہے اپنے نظریات کو پیروں تلے روند کر اکٹھے ہونے والے قوم کو گمراہ نہیں کرسکتے ان خیالات کا اظہار تحریک انصاف ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے صدر حاجی سیف اللہ خان کاکڑ نے اپنے بیان میں کیا۔ انھوں [بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر]

ژوب میں دو سال کے بعد سیاسی فضا تبدیل ہوچکی ہے، جعفر مندوخیل

ژوب اور شیرانی میں ترقی کی بنیاد کی اینٹ ہم نے تیس سال قبل رکھی تھی تیس سال میں ژوب کے لئے جو ترقی پر مبنی خدمت کی وہ بے مثال ہے

ورغلانے کا دور اب ختم ہوا ہے میرے ایک ہفتہ کے سیاسی دورے نے ژوب کے عوام کو پھر سے ہمارے کاروان کے پرچم تلے جمع کیا، سابق صوبائی وزیر

ژوب (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے صدر اور سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ژوب میں دو سال کے بعد سیاسی فضا تبدیل ہوچکی ہے اور ورغلانے کا دور اب ختم ہوا ہے میرے ایک ہفتہ کے سیاسی دورے نے ژوب کے عوام کو پھر سے ہمارے کاروان کے پرچم تلے جمع کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ ژوب کے موقع پر دیالہ حسین زئی میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سینکڑوں [بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر]

وقت کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر نہ چلے تو پیچھے رہ جائیں گے، صائمہ نور

فلم "باجرے دی راکھی" کی کہانی لوگوں کو اپنی جانب راغب کرے گی، نامور اداکارہ

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ صائمہ نور نے کہا ہے کہ بڑی اور چھوٹی سکرین پر جتنا بھی کام کیا ہے اسے لگن سے کیا ہے، میری خوش قسمتی ہے کہ تمام اچھے پرفارمرز کے ساتھ کام کیا ہے، وقت بدل رہا ہے اور ہمیں بھی اس کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنا ہوگا بصورت دیگر ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ ایک انٹرویو میں نور نے کہا کہ فلم انڈسٹری کو ٹیلنٹ بھی ملا ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ ہی نئے اداکاروں کے کام میں پختگی اور نکھار آئے گا۔

ماضی کو لے کر رونے پیٹنے کی بجائے مستقبل کیلئے پیشرفت کرنی چاہیے، فہد مصطفیٰ

معیار گرنے کی وجہ سے فلم بین سینماؤں سے دور ہوتے گئے، اداکار کی انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور اداکار فہد مصطفیٰ نے کہا ہے کہ زندگی میں انسان سے بہت سی غلطیاں ہوتی ہیں مگر ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ انسان ماضی کو لے کر رونے پیٹنے میں لگا رہے، ان غلطیوں سے سیکھتے ہوئے نئے عزم اور حوصلے کے ساتھ مستقبل کیلئے پیشرفت کرنی چاہیے۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ فلم انڈسٹری کے زوال کا انکار ہونے کی بنیادی وجہ وہ پروڈیوسر اور ڈائریکٹر تھے جنہوں نے فلموں کا معیار گرایا اور آہستہ آہستہ فلم بین سینماؤں سے دور ہوتے گئے۔

ڈراموں میں معاشرے کے سلگتے ہوئے مسائل، پسے ہوئے طبقات کو موضوع بنانا ہوگا، آغا جرار

نوجوان نسل کی تربیت کرنے کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے پہلے کبھی نہیں تھی، نامور رائٹر و ڈائریکٹر

لاہور (این این آئی) نامور رائٹر و ڈائریکٹر آغا جرار حیدر نے کہا ہے کہ ہمیں ڈراموں میں معاشرے کے سلگتے ہوئے مسائل خصوصاً پسے ہوئے طبقات کو موضوع بنانا ہوگا، نوجوان نسل کی تربیت کرنے کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے پہلے کبھی نہیں تھی اور اس پر سنجیدگی سے سوچ بچار کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک انٹرویو میں آغا جرار نے کہا کہ میں نامور رائٹر خلیل الرحمان قمر کو اپنا استاد مانتا ہوں، ان کی قربت میں رہ کر ان سے سیکھنے کی جستجو میں رہتا ہوں۔

ہمیشہ یہی کوشش ہوتی ہے اپنے کام سے لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیروں، اکرم اداس

ہم بھی اسی معاشرے میں رہتے ہیں اور لوگوں کے دکھ درد سے آگاہ ہیں، انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور کامیڈین اکرم اداس نے کہا ہے کہ ہمیشہ یہی کوشش ہوتی ہے کہ اپنے کام سے لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیروں، سیکھنا بڑے فنکار ہیں اور ان کے ساتھ جتنا بھی کام کیا ہے ان سے سیکھا ہے۔ ایک انٹرویو میں اکرم اداس نے کہا کہ کامیڈی اور برجستہ جملے بازی خدا کی طرف سے تحفہ ہوتا ہے، میرے خیال میں ہر کوئی کامیڈین نہیں سکتا ہے اور نہ اپنے الفاظ سے لوگوں کو محظوظ کرسکتا ہے۔

سابق صوبائی وزیر میر حاصم کرد گیلو، میر خالد لانگو ملک نعیم لہڑی اور ملک سلیم لہڑی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

ڈھاڈر گردنواح میں سوئی گیس بحرانی کیفیت میں تبدیل

علاقہ مکین گیس نہ ملنے کی وجہ سے مجبوری میں بازار سے لکڑیاں خرید کر کھانا پکانے اور ناشتہ کرنے کا عادی بن گئے، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

بولان (این این آئی) ڈھاڈر گردنواح میں سوئی گیس بحرانی کیفیت میں تبدیل، علاقہ مکین گیس نہ ملنے کی وجہ سے مجبوری میں بازار سے لکڑیاں خرید کر کھانا پکانے اور ناشتہ کرنے کا عادی بن گئے ہیں سوئی گیس کی صبح اور شام کے اوقات کار میں کم پریشر میں چھوڑا جاتا ہے جس سے ایک وقت کا کھانا بھی تیار نہیں ہوتا جبکہ شہریوں کو ہر ماہ باقاعدگی کے ساتھ ہزاروں کا بل تھما دیا جاتا ہے بالا حکام نوٹس لیں تحصیلات کے مطابق ضلع بجلی کے صدر مقام ڈھاڈر میں سوئی گیس انتظامیہ کی بہت دھرمی کی وجہ سے علاقہ مکین گیس کیلئے ترس [بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر]

غریب ڈرائیورز کے مسائل کے حل کے لئے اعلیٰ حکام سے رابطہ کریں گے اور کوشش ہوگی، جمیل احمد بلوچ

کاروبار جاری رہے تاکہ تیل کے کاروبار سے منسلک خاندانوں کا گزر بسر جاری رہ سکے، ڈپٹی کمشنر نوشکی

نوشکی (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن میر خورشید جمالدینی، سابق ضلعی صدر نذیر بلوچ، جماعت اسلامی کے ضلعی امیر حافظ مطیع الرحمان مینگل، جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مفتی فدا الرحمان، ریکی تیل ایسوسی ایشن کے صدر قادر بادینی ودیگر نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر نوشکی جمیل احمد بلوچ سے ڈی سی ہاؤس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر وفد نے ڈپٹی کمشنر کو ضلع کے غریب تیل لے [بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر]

سیکورٹی فورسز پر دہشت گردوں کے حملے قابل مذمت ہیں، ارباب ناصر حیدر کاسی

ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے اور ہم شہداء کی قربانیوں کو کبھی نہیں بھولیں گے، دیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان یوتھ فیڈریشن موومنٹ کے چیئرمین ارباب ناصر حیدر کاسی نے کوئٹہ ہائی وے، تربت اور شمالی وزیرستان کے علاقے رزمک میں پاک فوج کے قافلے پر دہشت گردوں کے حملے میں سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے اور ہم شہداء کی قربانیوں کو کبھی نہیں بھولیں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ارباب [بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر]

بی ٹی اے نصیر آباد ڈویژن کا بی ٹی اے بلوچستان کے نائب صدر محمد خان نوشیروانی کی ہمشیرہ کی وفات پر اظہار افسوس

نصیر آباد (این این آئی) بی ٹی اے نصیر آباد ڈویژن کا بی ٹی اے بلوچستان کے نائب صدر محمد خان نوشیروانی کی ہمشیرہ کی وفات پر اظہار افسوس گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن نصیر آباد ڈویژن کے صدر مظفر خان رند چیئرمین محمد اسلم سمیجو آرگنائزر جاوید احمد ڈویژنل ڈپٹی آرگنائزر مظفر خان سیال [بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر]

سیلاب سے تحصیل گندواہ و میرپور کے علاقوں کے عوام کو سیلاب سے ناقابل تلافی نقصان ہوا، مولانا شاہد محمود

مگر افسوس تاحال مذکورہ علاقوں کے سیلاب متاثرین امداد کے منتظر کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں، خطاب

محمد لکھی گندواہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام محمد لکھی عمومی شوریٰ وسٹینڈنگ اراکین کا اہم اجلاس زیر صدارت ضلعی امیر مولانا شاہد محمود کے جامع مسجد گندواہ والی گندواہ میں منعقد ہوا اجلاس میں 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جلسے میں بھرپور شرکت کرنے کا [بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر]

یوفون نیٹ ورک کی فورجی سروس بھی برائے نام انٹرنیٹ براؤسنگ میں گھنٹے لگ جاتے ہیں

سروس غیر معیاری ہونے کی وجہ سے صارفین دیگر نیٹ ورک پر منتقل ہونے لگے، یوفون صارفین کا انٹرنیٹ فوری رفتار کو درست کرنے کا مطالبہ

بولان (این این آئی) یوفون نیٹ ورک کی فورجی سروس بھی برائے نام انٹرنیٹ براؤسنگ میں گھنٹے لگ جاتے ہیں سروس غیر معیاری ہونے کی وجہ سے صارفین دیگر نیٹ ورک پر منتقل ہونے لگے یوفون اعلیٰ حکام ڈھاڈر میں سروس کی معیار اور انٹرنیٹ کی فوری رفتار کو درست کرکے فالٹ ٹھیک کریں [بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر]

پشاور، اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے حقوق طلبہ ریلی نکالی جارہی ہے

بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ سے منشیات اور دیگر سماجی برائیوں کے خاتمے میں مدد ملے گی، لالا یوسف خلجی

آل پاکستان فٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کرنے پر صوبائی وزیر کھیل عبدالخالق ہزارہ اور صوبائی سیکرٹری کھیل عمران بگٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، دیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کوئٹہ میں آل پاکستان فٹ بال ٹورنامنٹ کے انعقاد پر صوبائی وزیر کھیل اور سیکرٹری کھیل کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ سے منشیات اور دیگر سماجی برائیوں کے خاتمے میں مدد ملے گی اور نوجوانوں کو کھیلوں کے میدانوں میں اپنا لوہا منوانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالا یوسف خلجی نے کہا کہ صوبائی وزیر کھیل عبدالخالق ہزارہ، سیکرٹری سپورٹس عمران بگٹی [بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر]

آل پاکستان گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ صوبے میں فٹبال کے فروغ کے لئے اہم کردار ادا کرے گا، سیکرٹری کھیل

آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ 2020 کے سلسلے میں سیکرٹری سپورٹس کا ایوب اسٹیڈیم فٹبال گراؤنڈ کا دورہ، تیاریوں کا جائزہ

کوئٹہ (این این آئی) 17 سال بعد بلوچستان میں فٹبال کا میگا ایونٹ منعقد ہورہا ہے جس کا فائنل راؤنڈ 21 اکتوبر سے شروع ہونے جارہا ہے۔ اسی سلسلے میں سیکرٹری اسپورٹس عمران بگٹی نے ایوب اسٹیڈیم فٹبال گراؤنڈ کا دورہ کیا اور آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ 2020 کے کوالیفکیشن راؤنڈ کے لیے گراؤنڈ اور تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈائریکٹر جنرل کھیل [بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر]

پورے بلوچستان میں خضدار لیویز فورس کے جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، ڈپٹی کمشنر خضدار

خضدار (این این آئی) ڈپٹی کمشنر خضدار محمد ولی بزنجو کی صدارت میں لیویز دربار کا انعقاد کمیل الرحمان بلوچ کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ دربار میں لیویز فورس کے شہید منصور کانسٹیبل شہید طارق زہری ودیگر شہداء کی یاد میں ایک منٹ کی خاموشی، شہداء [بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر]

پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے کراچی جلسے میں یوسی گاہو پٹ رئیس گوٹھ سے سینکڑوں کارکنان کی شرکت

لسبیلہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے کراچی جلسے میں یوسی گاہو پٹ رئیس گوٹھ سے سینکڑوں کارکنان کی شرکت تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز کراچی میں منعقد ہونے والے پی ڈی ایم کے جلسے میں یونین کونسل گاہو پٹ رئیس [بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر]

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن نصیر آباد کے انتخابات قریب آتے ہی جوڑ توڑ کا سلسلہ شروع، نصیر آباد کے درجنوں اساتذہ کرام نے مسٹر خان رندکی بھرپور حمایت کا اعلان کردیا

نصیر آباد (این این آئی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن نصیر آباد کے انتخابات قریب آتے ہی جوڑ توڑ کا سلسلہ شروع نصیر آباد کے درجنوں اساتذہ کرام نے مسٹر خان رندکی بھرپور حمایت کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن نصیر آباد کے ضلعی الیکشن قریب آتے ہی اساتذہ کرام نے اپنے ضلعی کابینہ کی چناؤ کے لئے حمایت کا سلسلہ شروع کردیا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کوٹ مینگل گورنمنٹ بوائز مڈل سکول منگولی گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سوتا خان سرپرد نے درجنوں اساتذہ کرام نے جی ٹی [بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر]

گوجرانوالہ کے بڑے جلسے سے حکومت پاگل ہوگئی ہے، یعقوب خان ناصر

باتیں پاگلوں والی کرتے ہیں جبکہ انکے وزراء کی بداخلاقی کی کوئی مثال تاریخ میں نہیں ملتی انکی زبان سے پوری قوم کے سر شرم سے جھک گئے ہیں

اخلاق سے عاری زبان استعمال کی اس سے بیرون ملک اور بیس کروڑ عوام کو کیا پیغام گیا ہوگا وہ وزیر اعظم ہیں، چیئرمین سینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ

لاہور گلبرگ میں واقع جیلو سٹور میں خوفناک آتشزدگی کے بعد اٹھتے الاؤ ہیں

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے سینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ گوجرانوالہ کے بڑے جلسے سے حکومت پاگل ہوگئی ہے اور اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے وزیر اعظم نے ٹائیگر فورس میں جو زبان تین مرتبہ وزیر اعظم رہنے اور عوام کے دلوں پر راج کرنے والے عوامی قائد میاں نواز شریف کے خلاف جو گری ہوئی اور اخلاق سے عاری زبان استعمال کی اس سے بیرون ملک اور بیس کروڑ عوام کو کیا پیغام گیا ہوگا وہ وزیر اعظم ہیں لیکن باتیں پاگلوں والی کرتے ہیں جبکہ انکے وزراء کی بداخلاقی کی کوئی مثال تاریخ میں نہیں ملتی [بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر]

آل پنشنرز ایسوسی ایشن میٹرو پولیٹن کارپوریشن کا منیر لکا خان کی حمایت کا اعلان

لاہور (این این آئی) آل پنشنرز ایسوسی ایشن میٹرو پولیٹن کارپوریشن نے درجہ چہارم کے ملازمین انتخابات میں منیر لکا خان کی حمایت کا اعلان کردیا ہے۔ اس سلسلہ میں گزشتہ روز تقریب کا انعقاد کیا گیا، اس موقع پر صدر سٹاف یونین ایم سی ایل محبوب بھٹی اور سابقہ صدر شاہ حسین خصوصی طور پر [بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر]

ایران میں کووڈ 19 سے ہلاکتوں کی تعداد 30 ہزار سے تجاوز کرگئی، وزارت صحت

تہران (این این آئی) ایران میں کووڈ 19 سے ہلاکتوں کی تعداد 30 ہزار سے متجاوز ہوگئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کی وزارت صحت کی ترجمان سیما سادات لاری نے ایک بیان میں بتایا کہ ملک میں اب تک کرونا وائرس کے [بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر]

کوہلو میں ہزاروں افراد ملیریا کے مرض میں مبتلا ہونے لگے، ملیریا پروگرام خواب خرگوش نہ جاگ سکی

عوامی اور سماجی حلقوں کا حکومت سے مریضوں کی تشویشناک صورت حال پر فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کوہلو (این این آئی) بلوچستان حکومت کی صحت کے حوالے سے بلند بانگ دعوں کے باوجود صوبے میں صحت کے مسائل بڑھتے جارہے ہیں صوبے میں صحت کا ایسا کوئی مربوط نظام سرے سے ہی موجود نہیں ہے جو بڑے وبائی صورتحال کو مناسب اور بروقت حل کرسکے بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع کوہلو میں آئے روز ملیریا کے مریضوں میں تشویشناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے کوہلو کے شہری علاقوں سے لیکر دیہی علاقوں، ماہوند، جھدڑی، کاہان، ناساد، ہوبیں کیور، تجوبر گرتی سمیت ملحقہ [بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر]

قوم کی خون چوسنے والے آج قوم کے خیر خواہی کا دعوے کررہے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

سیکولرزم اور لادین قوتیں دشمن قوتوں کے ایجنڈے پر ملک میں انتشار وافراتفری پھیلانا چاہتے ہیں، جمعیت علماء اسلام نظریاتی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالاحد کہدائی صوبائی نائب امیر مولانا محمد حیات صوبائی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبیداللہ حقانی حاجی حیات اللہ کاکڑ حافظ عبدالواحد ہاشمی ودیگر نے کہا کہ سیکولرزم اور لادین قوتیں دشمن قوتوں کے [بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر]

عراقی فوج اور ایرانی حمایت یافتہ عسکریت پسند گروپ میں جھڑپ، چار زخمی

بغداد (این این آئی) عراقی فوج اور ایرانی حمایت یافتہ ایک عسکری گروپ عصائب اہل الحق کے درمیان صلاح الدین گورنری میں بلد کے مقام پر جھڑپ ہوئی ہے جس میں کم سے کم چار افراد زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ذرائع کا کہنا تھا [بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر]

حالیہ مہنگائی کی لہر نے عوام سے دو وقت کا نوالہ بھی چھین لیا ہے

اب ایک وقت کی سبزی 300 سے 400 روپے میں خریدنے پر مجبور ہیں آمدنی روز بروز کم ہوتی جارہی

6، قبل 200 سے 250 میں دو وقت کی سبزی خرید لیتے تھے جبکہ اخراجات مزید بڑھتے جارہے ہیں، شہری

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں اشیاء خورد ونوش پھل اور سبزیوں سمیت روزمرہ کے استعمال کے مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہوگیا مہنگائی کی لہر سے عوام نے سر پکڑ لیے مہنگائی پر قابو پانے کے حکومتی دعوے محض دعوے ہی رہ گئے عوام کی قوت خرید جواب دے گئی رپورٹ کے مطابق ملک بھر کی طرح حالیہ مہنگائی کی لہر نے ڈیرہ اللہ یار کو بھی اپنے لپیٹ میں لے لیا ہے اشیاء خورد ونوش پھل اور سبزیوں سمیت روزمرہ کے استعمال کی مصنوعات کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ ہوگیا دودھ دہی کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں۔

پاکستان کی اقلیتی برادری انکے پروپیگنڈے کو اپنے عمل سے ناکام بنادے گی، دھنیش کمار

ہم بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے اس فلسفے کو یقینی بنارہے ہیں کہ اقلیتی برادری اپنی عبادت کیلئے آزاد ہے

صوبائی حکومت بلوچستان کی اقلیتی عوام کو وہ تمام حقوق دے رہی ہے جس کا اس نے انتخابی منشور میں وعدہ کیا تھا، مشیر اقلیتی امور

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما و مشیر اقلیتی امور دھنیش کمار نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان کی اقلیتی عوام کو وہ تمام حقوق دے رہی ہے جس کا اس نے انتخابی منشور میں وعدہ کیا تھا اور ہم بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے اس فلسفے کو یقینی بنارہے ہیں کہ اقلیتی برادری اپنی عبادت کیلئے آزاد ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو سینٹ اوایسٹ چرچ میں واٹر سپلائی فلٹریشن پلانٹ [بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر]

راولپنڈی شہری اتوار بازار میں گرم کپڑے خرید رہے ہیں

اپنے والد سے سات سال کی عمر میں فن گائیکی سیکھنا شروع کی، صنم ماروی

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ صنم ماروی نے کہا ہے کہ میں نے اپنے والد سے سات سال کی عمر میں فن گائیکی سیکھنا شروع کی، میرے والد کہتے تھے کہ تمہاری آواز صوفیانہ کلام والی ہے۔ ایک انٹرویو میں صنم ماروی نے کہا کہ میں نے کلاسیکل، غزل اور ٹھمری الگ الگ استادوں سے سیکھی اور ان پر عبور حاصل ہے۔

اپوزیشن نہیں نیازی حکومت اپوزیشن سے این آر او چاہتی ہے، سلیم رضا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہنما کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ اپوزیشن نہیں نیازی حکومت اپوزیشن سے این آر او چاہتی ہے۔ [بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر]

فلم "عشق میرا انمول" میرے فنی کیریئر کے لیے سنگ میل ثابت ہوگی، صفدر